کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 10 رمضان 1447ھ 28 فروری 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 236

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان اسمبلی: نئے اضلاع و ڈویژنز کے قیام کا فیصلہ مسترد، اپوزیشن کا واک آؤٹ

ضلع مستونگ کو کوئٹہ اور کچھی کو سبی ڈویژن میں شامل کرنے کا غیر منطقی فیصلہ کیا گیا، ایسے اقدامات سے مسائل حل ہوئے اور نہ ہی ہوں گے، نواب رئیسانی

میرے حلقے کا چار موضع پر مشتمل 30 کلومیٹر علاقہ اپر ڈیرہ بگٹی میں ڈال دیا گیا ہے، کسی ضلع کی حیثیت ختم یا تبدیل کرنا درست اقدام نہیں، سردار کھیتران

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 45 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں نئے اضلاع اور ڈویژنز بنانے کے فیصلے پر اپوزیشن ارکان نے احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کیا اجلاس میں سابق وزیر اعلیٰ نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ضلع مستونگ کو کوئٹہ اور ضلع کچھی کو سبی ڈویژن...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

طورخم سے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل معطل

بارڈر کے راستے روزانہ سینکڑوں افغان خاندان وطن واپس جاتے ہیں

طورخم (بیورو رپورٹ) پاکستان اور افغانستان کے درمیان ہونے والی حالیہ کشیدگی کے باعث ضلع خیبر میں طورخم سرحدی گزرگاہ سے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل معطل کر دیا گیا ہے...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

5 افغان طالبان پوسٹوں پر پاکستان کا قومی پرچم لہرا دیا گیا

افغانستان کا جھنڈا احترام سے اتار کر قومی پرچم فخر کے ساتھ لہرانے کی ویڈیو وائرل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کی جانب سے قبضے میں لی گئی 5 افغان پوسٹوں پر قومی پرچم لہرانے کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ جوابی کارروائی میں پاک فوج نے مزید 5 افغان پوسٹوں پر...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

ذمہ دار ملک، قوم کی توقعات پر پورا اتریں گے، ائیر چیف

پاکستان ائیرفورس ہمیشہ عظیم قوم کے لیے فخر کی علامت بنی رہے گی، ظہیر بابر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) سربراہ پاک فضائیہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ پاکستان ذمہ دار ملک ہے جو عزت کے ساتھ امن کا خواہاں ہے، فضائیہ قوم کی توقعات پر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا، اب کھلی جنگ ہوگی، خواجہ آصف

ہم تمہارے ہمسائے ہیں تمہاری اوقات جانتے ہیں، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا، اب ہماری تمہاری کھلی جنگ، دمادم مست قلندر ہوگا۔ ایکس پر اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کی فوج سمندر پار سے نہیں آئی ہوئی، ہم تمہارے ہمسائے ہیں تمہاری اوقات جانتے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: چیف جسٹس بلوچستان کامران خان ملاخیل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں فتنہ الخوارج کی ڈرون حملوں کی کوشش ناکام

پاکستان کے اینٹی ڈرون سسٹم نے فتنہ الخوارج کے تمام ڈرونز کو فضا میں ہی مار گرایا، کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا

چھوٹا ڈرون سکول کے قریب گرنے سے ایک بچی زخمی بزدلانہ کارروائیوں کا بھرپور جواب دیا جائے گا، سیکورٹی ذرائع

اسلام آباد، پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا کے اضلاع ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں افغان طالبان کے زیر سرپرستی کام کرنے والے فتنہ الخوارج کی جانب سے ڈرون حملوں کی کوششوں کو ناکام بنا دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

شاہینوں نے 29 مقامات پر اہداف کو کامیابی کیساتھ نشانہ بنایا، دہشتگرد لاشیں چھوڑ کر بھاگ نکلے، 135 ٹینکس، مسلح گاڑیاں، 89 چیک پوسٹیں تباہ، 18 چوکیوں پر پاکستان کا قبضہ، طالبان نے متعدد پوسٹوں پر سفید جھنڈے لہرا دیئے

پاک فضائیہ نے افغانستان کے اہم فوجی ٹھکانے تباہ کر دیئے، 300 خوارج ہلاک، 12 جوان وطن پر قربان

مقصد کے حصول تک جنگ جاری رہے گی، پاکستان کا اعلان

افغان رجیم تمام دہشت گردوں کی سرغنہ ہے، دنیا نے دیکھا کہ کس طرح انہوں نے دہشت گردوں کی پشت پناہی کی اور پاکستان پر حملہ کیا، ہمارا موثر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے

قوم کو جوانوں پر فخر، تمام سیاسی جماعتیں دہشت گردی سے متعلق کلیئر ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ سے متعلق پاکستان میں رتی بھر اختلاف نہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی پریس کانفرنس

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ آپریشن غضب للحق میں ابتک 274 افغان رجیم کے اہلکار اور خوارج مارے جا چکے ہیں اور 400 زخمی ہیں، اب تک ہمارے 12 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، 27 زخمی اور ایک لاپتہ ہے۔ راولپنڈی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (م ڈ) وزارت اطلاعات ونشریات نے آپریشن غضب للحق کی نئی پیشرفت سے آگاہ کیا ہے جس کے مطابق 27 فروری کی رات گیارہ بجے تک افغان طالبان کے 300 کارندے ہلاک ہو گئے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ افغانستان میں...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد اور کابل چینی شہریوں کی سیکورٹی یقینی بنائیں، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (م ڈ) چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے کہا ہے کہ چین اپنے ذرائع کے ذریعے پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی ختم کرنے کیلئے ثالثی کر رہا ہے...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاک افغان صورتحال کے پیش نظر ضلع چمن میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ

چمن (اصغر اچکزئی) پاک افغان صورتحال کے پیش نظر ضلع چمن میں ہیلتھ ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ ڈی ایچ او کے مطابق محکمہ صحت کی ہدایت پر ضلع میں ملازمین کی...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

باجوڑ، سرحد پار کرنے والے دہشتگرد کو زندہ پکڑ لیا گیا

باجوڑ (م ڈ) پاک افغان سرحد پر باجوڑ سیکٹر کے قریب دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے سرحد پار کرنے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج کی سخت جوابی کارروائی، افغان حکومت نے گھٹنے ٹیک دیئے، پاکستان کیساتھ مذاکرات کا اعلان

ہم نے بارہا معاملات کے پرامن حل پر زور دیا ہے اور اب بھی چاہتے ہیں کہ یہ مسئلہ مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے

پاکستان کے ساتھ حالیہ جھڑپوں کے باوجود افغانستان بات چیت کے ذریعے معاملات کا حل چاہتا ہے، ترجمان افغان حکومت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک فوج کی سخت جوابی کارروائی کے بعد افغان طالبان حکومت نے پاکستان کے ساتھ مذاکرات کی خواہش ظاہر کر دی۔ افغانستان کی طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے ساتھ حالیہ جھڑپوں کے باوجود افغانستان بات چیت کے ذریعے مسئلے کا حل چاہتا ہے۔ ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ ہم نے بارہا پرامن حل پر زور دیا ہے اور اب بھی...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کی اشتعال انگیزی کا بھرپور جواب دیا جائے گا، بیرسٹر گوہر

پاکستان کو درپیش خطرات کا مقابلہ کرنے سے دریغ نہیں کریں گے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم جہاں بھی ہو سکے اپنے پڑوسیوں سے امن قائم کریں گے لیکن انکی طرف سے پاکستان...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن کو اسکی زبان میں جواب دینے کا وقت آ چکا، شاہد رند

پاکستان اپنے ہر دشمن کو منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہے، بیان

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون خصوصی شاہد رند نے پاکستان کی دفاعی پالیسی میں آنے والی بڑی تبدیلی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ہے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا کی غیر ضروری سفارتی عملے کو اسرائیل چھوڑنے کی ہدایت

تل ابیب (م ڈ) اسرائیل میں تعینات امریکی سفارت خانے کے عملے کو ہدایت دی گئی ہے کہ اگر وہ ملک چھوڑنا چاہتے ہیں تو آج ہی روانہ ہو جائیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ ہدایت اسرائیل میں امریکی سفیر مائیک ہکبی نے اپنے عملے کو ایک ای میل کے ذریعے دی ہے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی سفیر نے سفارت خانے کے عملے کو ای میل بھیجی جس میں...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج نے ایک بار پھر اپنی برتری ثابت کر دی، بلاول بھٹو

بھارت کی پراکسی بن کر افغانستان کی حکومت پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنا بند کرے

پاکستان تصادم کا خواہاں نہیں لیکن اگر للکارا گیا تو ہم دشمن کو منہ توڑ جواب دینا جانتے ہیں، بیان

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے آپریشن غضب للحق پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ پاک فوج نے افغان طالبان کے بلا اشتعال حملے کے ردعمل میں بھرپور کارروائی کی اور پاک فوج نے خطے میں ایک بار پھر اپنی طاقت ثابت کر دی۔ بلاول بھٹو...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی ملاقات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کی صحت اور اڈیالہ ملاقات سے متعلق کیس پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ بانی کی صحت اور ملاقات سے متعلق درخواست پر کچھ اعتراضات تھے جن پر بات ہوئی ہے۔ دوسری جانب بیرسٹر گوہر نے بھی چیف جسٹس پاکستان سے...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ، افغان جارحیت کیخلاف متفقہ قرارداد منظور

کوئی پاکستانی کی سالمیت کو چیلنج کرے گا تو اسے سخت جواب ملے گا، متن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ نے افغان جارحیت کے خلاف قرارداد متفقہ منظور کر لی۔ جمعہ کو قرارداد پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن نے پیش کی۔ سینیٹ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ: این اے 251 پر خوشحال خان کامیاب قرار

الیکشن کمیشن کو کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان نے عام انتخابات سے متعلق اہم کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے این اے 251 سے خوشحال خان کاکڑ کو...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی الشفا اسپتال منتقلی سے متعلق درخواست پر اعتراضات عائد

ایڈووکیٹ آن ریکارڈ کے بغیر دائر کی گئی متفرق درخواست قابل سماعت نہیں، رجسٹرار آفس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی کی الشفا انٹرنیشنل اسپتال منتقلی سے متعلق متفرق درخواست پر رجسٹرار آفس نے 2 اعتراضات عائد کر دیئے۔ رجسٹرار...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پی بی 21: علی حسن زہری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل

اسلام آباد ہائی کورٹ نے 26 فروری کو دونوں نوٹیفکیشنز معطل کئے تھے

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقہ پی بی-21 حب سے کامیاب قرار دیئے گئے امیدوار علی حسن زہری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا ہے...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی: وزیراعظم کو جی ایچ کیو میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر آپریشن غضب للحق سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

فیلڈ مارشل کی قیادت میں افواج پاکستان ملکی دفاع کیلئے پرعزم، وزیراعظم

فتنہ الخوارج اور افغان طالبان رجیم کے گٹھ جوڑ اور شرپسند کارروائیوں کے لیے زیرو ٹالرنس اپنائی جائے

وزیر اعظم کا جی ایچ کیو کا دورہ، افغان طالبان رجیم کے حملوں کو پسپا کرنے پر افواج پاکستان کی تعریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں عسکری قیادت نے وزیراعظم کو پاکستان افغانستان کی صورتحال پر مفصل بریفنگ دی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور افغان طالبان رجیم کیلئے گٹھ جوڑ اور شرپسند کارروائیوں کے لیے زیرو ٹالرنس...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں ریموٹ کنٹرول فضائی آلات پر پابندی عائد

پابندی کا اطلاق ڈرونز، یو اے ویز، کواڈ کاپٹرز، گیم کاپٹرز اور دیگر پر ہوگا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے صوبے بھر میں ڈرونز، یو اے ویز، کواڈ کاپٹرز، گیم کاپٹرز اور دیگر ریموٹ کنٹرول فضائی آلات کے استعمال، قبضے اور آپریشن پر فوری طور پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کی اشتعال انگیزی خطے کیلئے سنگین خطرہ ہے، وزیر اعلیٰ

پاکستان اپنی علاقائی سالمیت کے تحفظ اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہر قیمت پر یقینی بنائے گا، قوم افواج کیساتھ ہے

افغانستان میں دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہیں کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، میر سرفراز بگٹی کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خیبر پختونخوا میں پاک۔افغان سرحد سے متصل علاقے میں افغان طالبان کی بلا اشتعال فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام خطے کے امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہے اور اس طرح کی اشتعال انگیزی کسی صورت قابل قبول نہیں...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ہائیکورٹ نے کوئٹہ میں جاری منصوبوں کی رپورٹ طلب کر لی

چیف جسٹس پر مشتمل دورکنی بینچ کی کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دورکنی بینچ نے سائنس کالج، باچا خان چوک تا سریاب ریلوے کراسنگ سڑک اور متعلقہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر سے متعلق تفصیلی پیش رفت رپورٹ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

افغان طالبان حکومت پر غیر قانونی قابض ہیں، عطا تارڑ

طالبان رجیم جبر کا نظام ہے، دہشتگرد گروپوں کی پشت پناہی اور افغانستان میں دہشتگردوں کو تربیت فراہم کی جاتی ہے

افغان شہریوں کے بنیادی حقوق غصب کر رکھے ہیں، طالبان کے تمام ضابطے عالمی قوانین کے منافی ہیں، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مزید اشتعال انگیزی کا بھی بھرپور جواب دیا جائے گا، دفتر خارجہ

افغان سرزمین سے دہشت گرد حملوں کے جواب میں دفاعی کارروائیاں کی گئیں

پاکستان کی خیر سگالی کو غلط سمجھا گیا اور افغان سرزمین سے حملوں میں اضافہ ہوا، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے آپریشن غضب للحق کے حوالے سے کہا ہے کہ طالبان حکومت یا کسی دہشت گرد گروہ کی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

میرٹ کو معیار بنایا جائے تو مشکلات جلد کم ہونگی، چیف جسٹس

صوبے میں دہشتگردی سے متاثرہ عدالتوں کی بحالی کا کام شروع ہوا ہے، عیدالفطر کے فوراً بعد ان کو فعال کیا جائے گا

جوڈیشل افسران کی بہت سی آسامیاں خالی ہیں، جوڈیشل بورڈ بنا کر افسران کی آسامیوں کا اعلان کیا جائیگا، خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے کہا ہے کہ میرٹ کو معیار بنایا...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور رانا ثناء اللہ کی ملاقات

اپوزیشن اتحاد کا مشاورت کے بعد حکومت سے پہلا رابطہ، ملاقات پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت سے مذاکرات کیلئے اپوزیشن اتحاد نے مشاورت کے بعد پہلا رابطہ کر لیا۔ اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی اور رانا ثناء اللہ کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات ہوئی، جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر مشاورت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم کے اپوزیشن لیڈر سے ملاقات کے ایجنڈے پر بھی مشاورت ہوئی، بانی پی ٹی آئی کی صحت اور حکومتی مذاکراتی عمل سے متعلق گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں وزیر پارلیمانی امو...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ، اسرائیلی جارحیت جاری، فضائی حملے میں 4 فلسطینی شہید

غزہ (م ڈ) غزہ میں اسرائیلی جارحیت جاری، فضائی حملے میں 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

یکم مارچ سے پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کا امکان

پیٹرول 4 روپے 58 پیسے، ڈیزل 4 روپے 73 پیسے فی لیٹر تک مہنگا ہوسکتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) یکم مارچ سے پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پیٹرول 4 روپے 58 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل 4 روپے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کا کوئی علاقہ ہماری دسترس سے دور نہیں، رانا ثنا

مسلح افواج سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمیشہ تیار ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مشیر وزیراعظم رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ کابل سمیت افغانستان کا کوئی علاقہ ہماری دسترس سے دور نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ افغانستان پر قابض جتھے کی کوئی اوقات نہیں ہے، پاکستان کی مسلح افواج سرحدوں کی حفاظت کیلئے ہمیشہ تیار ہیں، افغان طالبان رجیم بھارت کے فنڈز پر چل رہی ہے، پاکستان...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی 20 ورلڈ کپ، سپر 8 مرحلہ: انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کو شکست دیدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سپر 8 مرحلے میں انگلینڈ نے نیوزی لینڈ کو دلچسپ مقابلے کے بعد 4 وکٹوں سے شکست دے دی۔ کولمبو...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

افغان جارحیت: قطر، سعودیہ، ترکیہ اور روس کے رابطے، پاکستان کو ثالثی کی پیشکش

ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان کی اسحاق ڈار سے ٹیلیفونک گفتگو، پاکستان اور افغانستان کے درمیان موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال

پاکستان اور افغانستان کو فوری جنگ بندی کیلئے زور دیتے ہیں، دونوں ممالک اختلافات بات چیت سے دور کریں، روسی وزیر خارجہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سے قطر اور سعودی عرب کے بعد ترکیہ نے بھی رابطہ کیا ہے اور افغانستان کے ساتھ موجودہ صورت حال پر بات کی ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اسحاق ڈار اور ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان کی ٹیلیفونک گفتگو ہوئی ہے...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل سے ن لیگ خواتین ونگ کی نائب صدر فاطمہ خان کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

جمال شاہ سے شادی کرنا میری زندگی کا غلط فیصلہ تھا، فریال گوہر

ماضی کے مقبول فنکاروں کو شوبز کی مثالی جوڑی سمجھا جاتا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان شوبز انڈسٹری سے وابستہ ماضی کی معروف اداکارہ فریال گوہر نے اپنی زندگی کے غلط فیصلے سے پردہ اٹھا دیا۔ حال ہی میں ماضی کی معروف جوڑی فریال گوہر اور ان کے سابقہ شوہر معروف اداکار جمال شاہ نے نجی ٹی وی چینل کی رمضان ٹرانسمیشن میں ایک ساتھ شرکت کی، دوران انٹرویو...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کا جرم ڈیل نہ کرنا اور حق وسچ پر ڈٹ جانا ہے، حاجی سیف کاکڑ

ان کی بیٹی چھبیس والوں کو اس دنیا میں اور وزنِ مختصر بھی حساب دینا ہوگا، ہرنائی پی ٹی آئی

عمران خان نے حق وسچ پر ڈٹ جانے کی جو تاریخ رقم کی وہ تاقیامت مثال بن گئی

پہاڑ تو ڈسنے لگے صرف اس لئے کہ یہ کہتے تھے ڈیل کرنے کیلئے تیار نہیں اور حق وسچ پر ڈٹ جانا ان کا سب سے بڑا جرم بن گیا ہے۔ انہوں نے برطانوی پارلیمنٹ کی جانب سے عمران خان کی رہائی کے مطالبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان خالصوں جاہر وں کی قید سے جلد رہائی پائیں گے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پوری قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے اور اپنے عظیم لیڈر کی عظیم قربانی کو کبھی بھی فراموش نہیں کریگی۔

کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان بازار سے لگے انڈیا کی کیلئے سرخی گوشت خرید رہے ہیں

رمضان میں مستحقین کی دلجوئی ہمارا اولین فریضہ ہے، مفتی محمد اسماعیل

رمضان عبادت، اجتماعی اصلاح اور خدمت خلق کا مہینہ ہے، مولوی نور الدین

کوئٹہ (پ ر) رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ انسانیت، ہمدردی اور ایثار کا عملی پیغام لے کر آتا ہے، یہی وہ وقت ہے جب معاشرے کے خوشحال طبقات کو اپنے آرام وخود غرضی اور بے سبب راہ روی کو ترک کرتے ہوئے ضرورت مند اور بے سہارا افراد کی مدد کے لئے آگے بڑھنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت العلماء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقدہ تربیتی ورکشاپ سے مفتی قاری محمد اسماعیل اور مولوی نور الدین نے کیا۔ گزشتہ روز نماز جمعہ کے خطبے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خلق خدا جس مشکل میں مبتلا ہے اس میں مقررین نے کہا کہ رمضان المبارک محض بھوک اور پیاس برداشت کرنے کا نام نہیں بلکہ یہ صبر وبرداشت، قربانی اور اجتماعی مقاصد کے ساتھ جڑنے کا مہینہ ہے۔ اس مقدس مہینے میں اپنے گلی محلے کے اصلاح اور آپسی معاشرتی مسائل کے حل کیلئے بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مساجد کو محض عبادت کا ہی نہیں بلکہ ہمدردی کا بھی مرکز بنانا ہوگا۔ مس

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

عوام اور تاجروں کا تحفظ ہر صورت یقینی بنائینگے، ایس ایس پی لورالائی

رمضان المبارک میں عوام کو سہولت کی فراہمی کیلئے سیکورٹی، بازاروں میں ٹریفک کی روانی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے

مساجد اور تجارتی مراکز میں اضافی نفری تعینات، گشت کے نظام کو مزید موثر بنایا گیا ہے، تاجروں کے وفد سے بات چیت

لورالائی (این این آئی) ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد (پی ایس پی) سے انجمن تاجران بلوچستان رحیم آغا گروپ کے ضلعی صدر لورالائی کی قیادت میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی غنی ناصر، حاجی عبدالخالق میاخیل، حاجی نذر کاکڑ، نصراللہ ناصر پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بالخصوص رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں سیکورٹی انتظامات، بازاروں میں ٹریفک کی روانی، افطار اور تراویح کے اوقات میں عوامی سہولت اور جرائم کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے اس موقع پر کہا کہ رمضان المبارک میں عوام الناس کو پرامن ماحول فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اہم بازاروں، مساجد اور تجارتی مراکز میں اضافی نفری تعینات کی گئی ہے، گشت کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے گا اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ انجمن تاجران کے وفد نے پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری بھی سیکیورٹی کے حوالے سے پولیس کے ساتھ رابطے میں رہے گی۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او عبدالکریم مندوخیل بھی موجود تھے، جنہوں نے سیکیورٹی پلان پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

...مل شاہ و دیگر علامہ محمد ذیشان کے والد کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

بھرتیوں کے عمل میں شفافیت یقینی بنائی جا رہی ہے، ڈی سی تربت

امیدواروں کی اسناد کی جانچ پڑتال، دائر کردہ اعتراضات کا جائزہ لیا

تربت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایت پر چیئرمین ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی و ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ کی سربراہی میں محکمہ تعلیم کی عارضی بھرتیوں کے سلسلے میں جمع کرائے گئے امیدواروں کی تعلیمی اسناد کی جامع جانچ پڑتال اور دائر کردہ اعتراضات کی باقاعدہ شنوائی کا عمل نہایت شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کیچ تابش علی بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیچ اسد اللہ بلوچ، ڈائریکٹر ایجوکیشن صابر علی بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تربت امجد شہزاد، اصغر علی، ممتاز بلوچ اور خزانہ آفیسر تربت صدام بلوچ بھی موجود تھے۔ چیئرمین ڈی آر سی و ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے میرٹ اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے میل اور فی میل امیدواروں کے اعتراضات فرداً فرداً سنے اور پیش کردہ اسناد کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ جانچ کے دوران ایک امیدوار کی ڈگری جعلی ثابت ہوئی جس پر موقع پر ہی متعلقہ امیدوار کو قانون کے مطابق حراست میں لے لیا گیا اور مزید کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے اس موقع پر واضح کیا کہ بھرتیوں کے تمام مراحل مکمل شفافیت، میرٹ اور قانون کے مطابق انجام دیے جا رہے ہیں اور کسی بھی قسم کی جعلسازی یا بدعنوانی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل سے ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی ملاقات کر رہے ہیں

اتحاد ہسپتال انتظامیہ کا رویہ قابل مذمت ہے، پریس کلب سوئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی پریس کلب کے ایک بیان میں ڈیرہ بگٹی سوئی کے سینئر صحافی صدیق بگٹی پر اتحاد ہسپتال کے سفارشی انچارج آر منیجر طارق نامی شخص کی جانب سے تذلیل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتحاد ہسپتال میں سفارشی بھرتیوں کی جانب سے غریب عوام کے علاج معالجے کے بجائے ان کی تذلیل پر زور دیا جاتا ہے جس کا واضح ثبوت ہمارے سینئر صحافی دوست کی ہے جس کو ہیڈ آف کیمپس کی موجودگی میں تذلیل کی گئی اس واقعے پر صحافی برادری سراپا احتجاج ہے

عارضی تعیناتیوں سے اساتذہ کی کمی دور ہوگی، ڈی سی زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں عارضی ٹیچرز فیز فور کی تعیناتی کے سلسلے میں درخواست گزاروں نے اعتراضات اور شکایات کو سن کر فیصلے کیے گئے اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر لطیف اللہ غرشین، ڈسٹرکٹ افسر ایجوکیشن عبدالمالک تاج، ڈسٹرکٹ افسر ایجوکیشن فیمیل میمونہ فہیم ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس افسر علی اصغر نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ عارضی ٹیچرز کی تعیناتی سے اسکولوں میں ٹیچرز کی کمی دور ہوگی اور تعلیم کو فروغ ملے گا تعیناتیاں مکمل طور میرٹ پر کی جائے گی کسی سے بھی حق تلفی نہیں ہوگی۔

عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، ڈی سی نصیر آباد

فورتھ شیڈول میں ڈالے گئے ناموں کی تحقیقات کی جائیگی، ذوالفقار علی

چھتر (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی سربراہی میں تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کے لیے ایک جامع کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کے بعد باقاعدہ کارروائی کا آغاز ہوا اور شہریوں کو بلاجھجک اپنے مسائل پیش کرنے کی دعوت دی گئی کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی میر بہادر خان کھوسہ، تحصیلدار میر حسن ظریف خان ڈومکی، تحصیلدار چھتر سید محمد شاہ کاظمی، نائب تحصیلدار میر حسن صدرو خان ابڑو، ڈی ایس پی سرکل چھتر غلام حیدر منجھو، ایس ایچ او پولیس تھانہ میر حسن سب انسپکٹر شاہین خان سونگی، ایس ایچ او پولیس تھانہ چھتر انسپکٹر داد محمد بھنگر، اسسٹنٹ انجینئر لوکل گورنمنٹ سید حیدر علی شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر آباد حفیظ اللہ کھوسہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ایاز جمالی ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر چھتر جاوید شریف عمرانی، محمد اسلم ابڑو معروف زمیندار سیاسی شخصیت سردارزادہ سید حیدر علی شاہ اور دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی مختلف شعبہ جات کے نمائندوں کی موجودگی نے اس امر کو یقینی بنایا کہ شہریوں کے مسائل کا موقع پر ہی جائزہ لے کر ان کے حل کی عملی راہ ہموار کی جا سکے کھلی کچہری کے دوران صدر پریس کلب چھتر خلیل اللہ کھوسہ کے ساتھ ہونے والی مبینہ ناانصافی ان کا نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنے پر پریس کلب چھتر کے صحافیوں نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا صحافی برادری نے اپنے تحفظات پیش کیے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے صحافیوں کو یقین دہانی کروائی۔

دانش سکول، کری اسلام آباد میں داخلوں کیلئے طلبا و طالبات ٹیسٹ دے رہے ہیں

ماشکیل کا زیر زمین پانی ریکی قبائل کی میراث ہے، عبدالرشید ریکی

ریکوڈک اور دیگر کمپنیوں کا اعتماد میں لئے بغیر پانی نکالنا تشویشناک ہے

ماشکیل (آئی این پی) ریکی قبیلے کے سربراہ سردار عبدالرشید ریکی اور ماشکیل میں آباد مختلف قبائل کے سربراہان اور سیاسی و قبائلی معتبرین نے ایک مشترکہ بیان میں ریکوڈک پروجیکٹ اور دیگر کمپنیوں کی جانب سے ماشکیل میں آباد ریکی و دیگر قبائل اور قبائلی نمائندوں اور عوام کو اعتماد میں لیے بغیر ماشکیل کے حدود سے ریکوڈک پروجیکٹ کے لیے پانی کی سپلائی کے مجوزہ منصوبوں اور کوششوں پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماشکیل کے زرخیز زمین اور زیر زمین پانی اور دیگر وسائل یہاں پر صدیوں سے آباد ریکی اور دیگر قبائل کے مشترکہ میراث ہیں جسکی حفاظت یہاں پر آباد یہاں کے قبائل نے جان کی بازی لگا کر کی ہے لیکن گزشتہ چند عرصے سے ریکوڈک پروجیکٹ کو ماشکیل سے پانی کی فراہمی کے لیے سروے کیا جا رہا ہے جسکی وجہ سے یہاں پر آباد قبائل میں شدید اضطراب اور بے چینی پائی جاتی ہے کیونکہ پانی ہی صدیوں سے یہاں کے لوگوں کی زیست اور بقا کا بنیادی وسیلہ رہی ہے

مساجد و امام بارگاہوں کی سیکورٹی مزید سخت کر دی، خالد ہمدانی

نمازیوں کو مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے دیا جا رہا ہے، سی پی او راولپنڈی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات پر نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنا رہے ہیں، تمام مساجد، امام بارگاہوں پر پولیس نفری کو تعینات کیا گیا ہے، فیلڈ افسران مساجد و امام بارگاہوں پر تعینات جوانوں کو چیک اور بریف کر رہے ہیں، مساجد، امام بارگاہوں میں واک تھرو گیٹ سے گزرنے اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے دیا جا رہا ہے، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور تھانوں کی موبائلز اپنے اپنے ایریا میں گشت کر رہے ہیں، ایس ایس پی آپریشنز نے چیکنگ پوائنٹس کا بھی جائزہ لیا اور ہدایات دیں

پسنی پانی کا بحران سنگین ہو گیا، شہری بوند بوند کو ترسنے لگے

کھلے چینلز کا پانی غیر معیاری، شہر کو شادی کور ڈیم سے بذریعہ پانی کی پائپ لائن منسلک کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

موجودہ نظام میں ڈیزل اور سولر سسٹم کے سے پانی کی ترسیل پر لاکھوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، حکمران نوٹس لیں

گوادر (این این آئی) قومی خزانہ لٹ گیا، ڈیزل پر لاکھوں خرچ مگر پسنی پیاسا، پسنی کے شہریوں کا شادی کور ڈیم پائپ لائن منصوبہ فوری شروع کرنے کا مطالبہ، شہر میں کھلے چینلز کے ذریعے فراہم کیے جانے والا پانی غیر محفوظ قرار، پسنی شہر کو شادی کور ڈیم سے بذریعہ پائپ لائن منسلک کرنے کا مطالبہ، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن سے پسنی کو شادی کور ڈیم سے ملانے کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پسنی کے شہریوں نے حکومتِ بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ پسنی شہر کو شادی کور ڈیم سے بذریعہ پائپ لائن منسلک کیا جائے تاکہ شہر میں کھلے چینلز کے ذریعے فراہم کیے جانے والے مضر صحت پانی سے عوام کو نجات مل سکے۔ شہریوں کے مطابق موجودہ نظام کے تحت پانی کھلے نالوں کے ذریعے سپلائی کیا جاتا ہے جس سے پانی آلودہ ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے اور اس صورتحال کے باعث مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بھی موجود رہتا ہے، جس پر شہری حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر پسنی کو براہ راست پائپ لائن کے ذریعے ڈیم سے جوڑ دیا جائے تو کوسٹ فارم کے قریب واقع پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پسنی کے پمپنگ اسٹیشن پر ڈیزل کے بے جا استعمال سے بھی چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ان کے مطابق موجودہ نظام میں ڈیزل اور سولر سسٹم کے ذریعے پانی کی ترسیل پر لاکھوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، جو قومی خزانے پر اضافی بوجھ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ براہ راست پائپ لائن کنکشن سے نہ صرف مالی بچت ممکن ہوگی بلکہ نظام بھی زیادہ موثر اور پائیدار بن سکے گا شہریوں نے تجویز دی ہے کہ پائپ لائن کے ذریعے پانی کی فراہمی کو بجلی سے منسلک کیا جائے تاکہ ڈیزل اور سولر سسٹم کی پیچیدگیوں سے نجات مل سکے۔ ان کا کہنا ہے کہ بجلی کے ذریعے ترسیل نہ صرف سستی بلکہ زیادہ قابل اعتماد بھی ہوگی جس سے سپلائی نظام میں تسلسل آئے گا۔

کوئٹہ: شہریوں کی بڑی تعداد نماز جمعہ ادا کر رہی ہے

اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ اور تحصیلدار سریاب شیر دل گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

وندر، بچت بازار غیر فعال، شہری مایوسی کا شکار

انتظامیہ فوری نوٹس لے کر بچت بازار فعال کرے، شہریوں کا مطالبہ

وندر (یو این اے) ضلع حب میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوام کو مہنگائی سے ریلیف دینے کے لیے قائم کیا گیا بچت بازار عملی طور پر غیر فعال ثابت ہو رہا ہے۔ زمینی حقائق اس کے برعکس منظر پیش کر رہے ہیں، جہاں عوام کو ریلیف ملنے کے بجائے خالی ٹینٹ، آویزاں بینرز اور سنسان اسٹال دکھائی دے رہے ہیں۔ ماہ رمضان کا پہلا عشرہ اختتام کے قریب ہے، تاہم سبزی، پھل، آٹا، چینی اور دیگر ضروری اشیا مناسب نرخوں پر دستیاب نہیں ہو سکیں اور سرکاری نرخ نامے پر بھی عملدرآمد یقینی نہیں بنایا گیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بچت بازار کا قیام محض رسمی کارروائی اور فوٹو سیشن تک محدود دکھائی دے رہا ہے اور عام آدمی کو عملی ریلیف میسر نہیں۔ مصنوعی مہنگائی کے باعث دیہاڑی دار طبقہ اور کم آمدنی والے خاندان پہلے ہی شدید مشکلات کا شکار ہیں، اور سرکاری ریلیف بازار سے وابستہ توقعات پوری نہ ہونے پر مایوسی پائی جا رہی ہے۔

حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، 14 مراکز پر جرمانے عائد

کوئٹہ، خاران، دکی، کچلاک، اوستہ محمد، پنجگور اور ژوب کے متعدد مقامات پر ایس او پیز کی خلاف ورزی پر اصلاحی وارننگ نوٹسز جاری

عوام کو محفوظ و صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بلوچستان بھر میں بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، بی ایف اے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے خاران، دکی، کچلاک، اوستہ محمد، پنجگور اور ژوب میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر کم از کم 14 مراکز مالکان پر جرمانے عائد کیے جبکہ 20 سے زائد مراکز کو اصلاحی و وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے۔ کارروائیوں کا مقصد ملاوٹی اور زائد المیعاد اشیا کی فروخت کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ و معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ کوئٹہ میں کاکڑ کالونی، خوشحال روڈ اور اسپنی روڈ پر ملک سیفٹی ٹیم نے دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور صفائی کے ناقص انتظامات پر 3 ملک شاپس کو جرمانہ کیا جبکہ 3 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ اسی روز مشرقی بائی پاس اور ایئرپورٹ روڈ پر قائم ایک اسنیکس فیکٹری پر صفائی کی ابتر صورتحال، مضر صحت کوکنگ آئل کے استعمال اور رجسٹریشن نہ ہونے پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ ملدار روڈ، طوغی روڈ اور موسیٰ کالونی سریاب روڈ پر مختلف بیکنگ یونٹس، بیکری اینڈ سویٹ شاپس، جنرل اسٹورز اور ہول سیلرز کے خلاف بھی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں جہاں فوڈ بزنس لائسنس کی عدم دستیابی، ایکسپائرڈ اشیا کی فروخت، ناقص اسٹوریج اور کیمیکل پر مشتمل پیچ کے استعمال پر جرمانے اور نوٹسز جاری کیے گئے۔ خاران میں 1 نان شاپ اور 1 بیکنگ یونٹ کو صفائی کی خراب صورتحال اور قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا جبکہ 7 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری ہوئے۔ کچلاک میں مرکزی بازار کے ایک کلچہ یونٹ پر بھی جرمانہ عائد کیا گیا۔ اوستہ محمد میں لائسنس کے بغیر کاروبار کرنے والے متعدد کریانہ و جنرل اسٹورز کے خلاف ایکشن لیا گیا اور 3 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ پنجگور میں زائد المیعاد و ممنوعہ اشیا کی فروخت پر مختلف مراکز کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے لائسنس کے حصول کی ہدایت کی گئی۔ ژوب میں سید آباد محلہ اور پانی تقسیم محلہ سمیت مختلف علاقوں میں چیکنگ کے دوران ایس او پیز کی خلاف ورزی اور لائسنس نہ ہونے پر متعدد مراکز کو وارننگ نوٹسز جاری کیے گئے اور آئندہ سخت قانونی کارروائی کی تنبیہ کی گئی۔ بی ایف اے حکام کے مطابق صوبے بھر میں انسپیکشن کا سلسلہ جاری رہے گا اور عوام کو محفوظ و صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

مہنگائی خلاف ایکشن کا خیر مقدم کرتے ہیں، سنی تحریک

عوام کو ماہ رمضان میں ریلیف فراہم کرنا حکومتی ذمہ داری ہے، رضوان قادری

کوئٹہ (اے این این) پاکستان سنی تحریک کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری محمد رضوان قادری نے کوئٹہ پریس کلب کے وفد اور پارٹی کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے ملک اور بالخصوص بلوچستان میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حالیہ عوام دوست ریلیف پیکج کو ایک مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور تائید کا اعلان کیا ہے محمد رضوان قادری نے کہا کہ موجودہ کٹھن حالات میں غریب عوام کا جینا محال ہو چکا ہے۔ ایسے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اربوں روپے کے ریلیف پیکج کا اعلان اور اشیائے خورد و نوش پر سبسڈی دینا ایک احسن قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ "حکومت کا یہ اقدام ثابت کرتا ہے کہ وہ عوام کی تکالیف سے بے خبر نہیں ہے، مگر ان ثمرات کا براہ راست غریب کی دہلیز تک پہنچنا اصل امتحان ہے۔ رضوان قادری صاحب نے کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو متحرک ہونے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ "رمضان المبارک اور عام دنوں میں مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے والے عناصر انسانیت کے دشمن ہیں۔ ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاتفریق کارروائی کی جائے

تربت انتظامیہ کی گرانفروشوں کیخلاف کارروائیاں

تربت (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کنرئی نے ماہ رمضان المبارک کے دوران گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے اسٹار پلس مارکیٹ میں اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران متعدد دکانداروں کو سرکاری نرخ نامے کے مطابق اشیائے خورد و نوش فروخت نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے، ایک دکان کو سیل کر دیا گیا جبکہ موقع پر موجود سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ اس کے علاوہ ایک دکاندار کو سنگین خلاف ورزی پر گرفتار بھی کیا گیا۔ معائنے کے موقع پر میونسپل کارپوریشن تربت کا عملہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کے نمائندہ نیاز احمد بھی اسسٹنٹ کمشنر تربت کے ہمراہ موجود تھے، جنہوں نے دکانوں میں آویزاں نرخ ناموں کی جانچ پڑتال کی اور عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا۔

پنجگور: پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ صارفین کیلئے دردِ سر بن گیا

پنجگور (یو این اے) پنجگور شہر میں محکمہ پی ٹی سی ایل کا انٹرنیٹ صارفین کے لیے شدید مشکلات کا سبب بن گیا ہے۔ پرانے اور بوسیدہ ایکسچینج، تار اور کیبلز کی وجہ سے انٹرنیٹ انتہائی سست رفتاری کا شکار ہے۔ شہر میں 40 سے 50 سال پرانی کیبلز اور ڈی پی لگائے گئے تھے جو کبھی مرمت یا تبدیل نہیں کیے گئے۔ رات کے وقت جب بجلی کی لوڈ شیڈنگ شروع ہوتی ہے تو پی ٹی سی ایل کی انٹرنیٹ سروس بھی معطل ہو جاتی ہے اور صبح کے وقت بجلی بحال ہونے پر سروس دوبارہ فعال ہوتی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ پرانے ایکسچینج میں کمزور بیٹریاں اور جنریٹرز کی غیر فعال حالت ہے۔ صارفین نے کہا کہ سالانہ کروڑوں روپے انٹرنیٹ کی مد میں وصول کیے جا رہے ہیں، لیکن سہولیات فراہم کرنے میں محکمہ پی ٹی سی ایل ناکام ہے۔ شہر کے صرف 25 فیصد علاقوں میں انٹرنیٹ دستیاب ہے

سی پیک روڈ کی تعمیر کا کام بروقت مکمل کیا جائے، نیشنل پارٹی

...بلوچ نے پنجگان میں میر رحمت صالح بلوچ کے فنڈ سے گریڈ اسٹیشن محلہ جعفر آباد سے سی پیک روڈ تک تعمیر ہونے والے روڈ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پی اینڈ آر کے ایکسین ظریف بھی موجود تھے۔ رہنماؤں نے جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو معیاری انداز میں اور بروقت مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو آمد و رفت میں سہولت میسر آ سکے۔

گوادر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی آئی جی

پائیدار امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، عوامی مسائل کا بروقت حل یقینی بنایا جائے گا

شہر میں مثالی امن برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، عمران قریشی کی گفتگو

گوادر (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس مکران ریجن عمران قریشی نے گزشتہ روز گوادر پریس کلب کا دورہ کیا اور پروگرام 'حال احوال' میں خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر صدر پریس کلب نور محسن سمیت ضلع کے سینئر صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ گفتگو کے دوران ڈی آئی جی نے کہا کہ ضلع سے منشیات کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن و امان کا قیام پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہر میں مثالی امن برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور اس مقصد کے حصول میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی ان کا کہنا تھا کہ موجودہ دور میں پولیس، عوام اور میڈیا کے درمیان موثر رابطہ انتہائی ضروری ہے۔ باہمی تعاون اور بہتر ورکنگ ریلیشن شپ سے نہ صرف جرائم کی روک تھام میں مدد ملے گی بلکہ عوامی مسائل کے بروقت حل کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ پروگرام کے اختتام پر پریس کلب کی جانب سے ڈی آئی جی عمران قریشی کو روایتی بلوچی چادر پہنائی گئی اور اعزازی شیلڈ پیش کی گئی۔

عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، آئی جی اسلام آباد

نئے سیکورٹی ونگ کے قیام سے سیکورٹی نظام مزید موثر ہوگا، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی سیکورٹی/آپریشنز بلاک کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد ... آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی پریزنز اسلام آباد علی اکبر اور ایس ایس پی SWAT ...

ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے ٹیچر سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی گورنمنٹ ٹیچر سے چھینا گیا موٹر پولیس نے برآمد کر لیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز منگولی پولیس تھانے کی حدود ڈیوٹی پر جاتے ہوئے سکول ٹیچر عبدالواحد کھوسو سے نامعلوم مسلح افراد نے گن ...

حبیب اللہ لاشاری ایس ایچ او نوتھو شوری تعینات

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے انکے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

ڈویژنز و اضلاع کے قیام میں زمینی حقائق مدنظر رکھے جائیں، آغا عمر بنگلزئی

انتظامی تبدیلیاں محض کاغذی کارروائی نہیں ہوتیں بلکہ ان کے گہرے سماجی، ثقافتی اور سیاسی اثرات مرتب ہوتے ہیں

عوامی رائے نظرانداز کرنا درست نہیں، کوئٹہ کو دو کی بجائے تین اضلاع میں تقسیم کرنا بہتر ثابت ہو سکتا ہے، سابق وزیر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق صوبائی وزیر داخلہ آغا عمر بنگلزئی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی کابینہ کے معزز اراکین سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس فیصلے پر سنجیدگی سے نظرثانی کریں۔ انتظامی تبدیلیاں محض کاغذی کارروائی نہیں ہوتیں بلکہ ان کے گہرے سماجی، ثقافتی اور سیاسی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مستونگ کے عوام کی رائے اور تاریخی وابستگی کو نظرانداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں اگر حکومت کا مقصد بڑے ڈویژنز کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کر کے گورننس کو بہتر بنانا ہے تو اس کے لیے جامع مشاورت، زمینی حقائق اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھا جانا چاہیے۔ مستونگ کو اس کے تاریخی اور جغرافیائی پس منظر کے مطابق قلات ڈویژن ہی کا حصہ رہنا چاہیے تاکہ انتظامی ہم آہنگی اور عوامی مسائل کے حل میں آسانی پیدا ہو۔ آغا عمر بنگلزئی نے کہا جہاں تک کوئٹہ شہر کا تعلق ہے، بڑھتی ہوئی آبادی اور انتظامی دباؤ کے پیش نظر اسے مزید موثر انداز میں منظم کرنے کی ضرورت ہے۔ کوئٹہ کو دو کی بجائے تین اضلاع میں تقسیم کرنا ایک بہتر انتظامی قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ قومی اسمبلی کے ہر حلقے کو ایک الگ ضلع قرار دینے سے نہ صرف گورننس میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تشکیل اور سرکاری امور کی انجام دہی میں بھی آسانی ہوگی۔ میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا مقصد کسی علاقے یا انتظامی یونٹ کی مخالفت نہیں بلکہ عوامی مفاد اور بہتر طرز حکمرانی کو یقینی بنانا ہے۔ حکومت بلوچستان سے مطالبہ ہے کہ وہ اس اہم معاملے پر سیاسی جماعتوں، مقامی عمائدین اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر ایسا فیصلہ کرے جو تاریخ، جغرافیہ اور عوامی خواہشات سے ہم آہنگ ہو۔ مستونگ کے عوام اپنی شناخت، تاریخ اور انتظامی وابستگی کے تحفظ کے لیے متحد ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ صوبائی حکومت دانشمندانہ فیصلہ کرتے ہوئے اس معاملے کو از سر نو دیکھے گی۔

مہنگائی کے باعث اساتذہ معاشی مشکلات کا شکار ہیں، ڈبلیو ٹی اے

تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے برابر، اضافی ٹیکسوں اور کٹوتیوں نے اساتذہ کی زندگی اجیرن بنا دی

غیر ذمہ دار حکمرانوں نے اپنی آئندہ نسلوں کیلئے بھی پرتعیش زندگی گزارنے کا مناسب سامان جمع کر رکھا ہے، بیان

تربت (این این آئی) وطن ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع کیچ کے اراکین نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں موجودہ معاشی و سماجی حالات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک پر قابض اشرافیہ ماضی کی مغلیہ دور کے عیاش اور غیر ذمہ دار حکمرانوں کی طرح اپنی آنے والی کئی نسلوں کی پرتعیش اور شاہانہ زندگیوں کو یقینی بنانے کے لیے قومی وسائل کو بے دریغ استعمال کر رہی ہے ٹیکسوں کے نام پر پہلے ہی تنخواہ دار طبقے خصوصاً اساتذہ کی آمدنی کا بڑا حصہ کاٹ لیا جاتا ہے مگر اس پر بھی اکتفا نہیں کیا گیا اور مختلف خودساختہ استحصالی مالیاتی اقدامات کے ذریعے ان کی محدود آمدنی پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے بیان میں کہا گیا کہ اساتذہ جو قوم کے معمار اور نئی نسل کے رہنما ہوتے ہیں آج معاشی دباؤ، مہنگائی کے طوفان اور غیر منصفانہ ٹیکس پالیسیوں کے باعث شدید ذہنی و مالی کرب کا شکار ہیں ایک طرف اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں تو دوسری طرف تنخواہوں میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے برابر ہے

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈی سی موسیٰ خیل

بی ایس ڈی آئی فیز 2 کے منصوبوں کی کڑی نگرانی جاری ہے، عبدالرزاق خجک

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) فیز ون اور فیز ٹو کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 12 کور کے نمائندے انجینئر اسد اور متعلقہ محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران فیز ون کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر ہونے والے کام کی رفتار کا جائزہ لیا گیا اور فیز ٹو کے حوالے سے اب تک کی پیشرفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک نے کہا کہ ضلع موسیٰ خیل کی تعمیر و ترقی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیز ون کے جاری منصوبوں میں تیزی لائی جائے

ٹینڈر نوٹس برائے مالی سال 2026/27

ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ لاگ ایریا (کوئٹہ لاگ ایریا کی حدود میں) مالی سال برائے 2026/27 کے لئے مندرجہ ذیل اشیا، ٹرانسپورٹ اور خدمات 1 جولائی 2026ء (یا تاریخ منظوری) سے 30 جون 2027ء کے لئے ٹینڈرز مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق درکار ہیں۔

سپلائی ایریا	ٹینڈر برائے اشیاء	تاریخ مطلوب ٹینڈر	تاریخ برائے اوپنگ ٹینڈر
سٹیشن سپلائی ڈپو کوئٹہ اور لائن آف مارچ اور ڈیلیوری پوائنٹ **ڈیلیوری پوائنٹ** (1) چمن، (2) احمد وال (نوشکی)، (3) دالبندین اور لائن آف مارچ، (4) نوکنڈی اور لائن آف مارچ، (5) تعمیر شہید یوسف، (6) براہچی، (7) قلات **سٹیشن سپلائی ڈپو سبی اور لائن آف مارچ اور ڈیلیوری پوائنٹ** (1) کشمور، (2) سوئی، (3) بولان در تجان **سٹیشن سپلائی ڈپو ژوب اور ڈیلیوری پوائنٹ سمبازہ اور لائن آف مارچ** **سٹیشن سپلائی ڈپو لورالائی اور لائن آف مارچ اور ڈیلیوری پوائنٹ کرانی کیمپ** **سٹیشن سپلائی ڈپو خضدار اور ڈیلیوری پوائنٹ** (1) پسنی، (2) کشکور، (3) گوادر، (4) آواران، (5) گبر، (6) ہوشاپ، (7) پنجگور، (8) تربت اور لائن آف مارچ، (9) شستگر، (10) ارمارہ، (11) کہان، (12) کھوڑ اور لائن آف مارچ، (13) تنگ، (14) بیلا، (15) وٹی۔	ا۔ **سٹیشن سپلائی ڈپوز کے لئے** پیاز اور آلو، متفرق اشیاء (برف مشین میڈ، سبز چارہ، ڈبل روٹی)، تازہ سبزیاں، تازہ پھل، میٹ گروپ، کھالیں، چکن گروپ، انڈے، جلانے والی لکڑی اور چونا ب۔ **ڈیلیوری پوائنٹ اور ان کے لائن آف مارچ کے لئے** گروپ ٹھیکہ کی تمام اشیاء اور کھالیں ت۔ **سٹیشن سپلائی ڈپو کوئٹہ اور خضدار کے لئے** ہائیر ڈ میکینیکل ٹرانسپورٹ (HMT) ج۔ **سٹیشن سپلائی ڈپو کوئٹہ، سبی، ژوب، لورالائی، خضدار، پیٹرولیم آئل اینڈ لبریکنٹ ڈپو کوئٹہ اور آرڈننس ڈپو کوئٹہ کے لئے** قلی۔ (Hired Labour)	مورخہ 17 مارچ 2026 دن 1000 بجے	مورخہ 17 مارچ 2026 دن 1100 بجے

ا۔ پری کوالیفیکیشن معلومات مندرجہ ذیل آفس سے مورخہ 2 مارچ 2026 تک حاصل کی جا سکتی ہے مجاز حکام (بورڈ آف آفیسرز) ایک یا تمام کاغذات کو ٹیکنیکل وجوہات کی بناء پر یا کسی بھی وجہ سے مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔
ب۔ تمام فرمز کا انکم ٹیکس / ایف بی آر کے ساتھ اور ایس سی پی کے ساتھ ایکٹیو اور رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔
ت۔ تمام فرمز کا جنرل ہیڈ کوارٹرز / ایم آئی ڈائریکٹوریٹ سے سیکیورٹی کلیئرنس (جس کی معیاد پانچ سال ہے) ہونا لازمی ہے۔
ج۔ تمام خواہشمند فرمز کے اکاؤنٹس کی ری ویریفکیشن متعلقہ ڈی سی صاحب سے ہونی چاہیئے، جس کی معیاد دو سال ہے ورنہ وہ فرم ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل نہ ہوگی۔
د۔ تمام فرمز کو ٹینڈر کی لاگت کا 2 فیصد (کوئٹہ لاگ ایریا کے ٹھیکیدار) اور 5 فیصد مختلف لاگ ایریا کے ٹھیکیدار) بطور زرِ ضمانت / Bid Security زیادہ سے زیادہ 10 لاکھ روپے صرف) پے آرڈر / کال ڈپازٹ ریسیپٹ کی صورت میں بنام ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ لاگ ایریا ٹینڈر فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ بصورت دیگر ٹینڈر فارم ریجیکٹ کیا جائے گا۔
ح۔ ٹینڈر فارم کی حصولی کے لئے درخواستیں دفتر ہذا میں جمع کروانے کی آخری تاریخ 5 مارچ 2026ء ہے جس میں درخواست گزار واضح طور پر مطلوبہ ٹینڈر کا لکھے گا اور کوئی بھی درخواست مقررہ تاریخ کے بعد وصول نہیں کی جائے گی۔
خ۔ ٹینڈر فارمز صرف ان خواہشمند فرمز کو دیے جائیں گے جو کہ مندرجہ بالا شرائط کے مطابق عمل پیرا ہوں گی۔
د۔ ٹینڈر فارمز ہیڈ کوارٹرز لاگ ایریا سے مورخہ 16 مارچ 2026 کو صبح 0900 بجے سے سہ پہر 1500 بجے تک وصول کیے جا سکتے ہیں۔

رابطہ کے لئے پتہ:-
ڈپٹی ڈائریکٹر سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ
ہیڈ کوارٹر کوئٹہ لاگ ایریا، فون نمبر 081-2882156

حکومت پاکستان
وزارت داخلہ و انسداد منشیات
نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا)
ریجنل ہیڈ آفس، زرغون روڈ، کوئٹہ

انجینئرنگ کنسلٹنسی سروسز کی خریداری

درخواست برائے تجاویز (RFP)

نادرا رجسٹریشن سینٹر، ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ کے لیے 4 عمارتوں کے ڈیزائن اور تفصیلی نگرانی برائے تعمیرات

آر ایف پی نمبر: NADRA/NRCs-QTA-RFP/2025/02

1. نادرا ریجنل ہیڈ آفس کوئٹہ کنسلٹنٹ فرمز / کنسلٹنٹس سے جو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) / بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) اور متعلقہ ریونیو اتھارٹی میں رجسٹرڈ ہوں اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل ہوں سے ای پیڈز کے ذریعے الیکٹرانک بولیوں کی صورت میں تکنیکی اور مالیاتی تجاویز طلب کرتی ہے یہ خدمات نادرا رجسٹریشن سینٹرز (نصیر آباد، سبی، لورالائی، گلستان) کی 4 عمارتوں کے ڈیزائن اور تعمیرات کی تفصیلی نگرانی کے لیے درکار ہیں۔ کنسلٹنٹ کا انتخاب پی پی آر اے کے پروکیورمنٹ فار کنسلٹنسی سروسز ریگولیشنز 2010 کے تحت کم لاگت پر مبنی انتخابی طریقہ کار کے مطابق کیا جائے گا۔
2. آر ایف پی دستاویزات، جن میں تفصیلی شرائط و ضوابط، وضاحتیں اور تقاضے شامل ہیں، دلچسپی رکھنے والے رجسٹرڈ بولی دہندگان / کنسلٹنٹس کے لیے ای پیڈز (EPADS) ویب سائٹ (https://eprocure.gov.pk) پر دستیاب ہیں۔
3. تجاویز / بولی کا عمل سنگل اسٹیج ٹو اینویلپ (Single Stage Two Envelope) طریقہ کار کے مطابق انجام دیا جائے گا۔
4. الیکٹرانک بولیاں 31 مارچ 2026 بروز منگل صبح 10:00 بجے تک ای پیڈز (EPADS) کے ذریعے ہدایات کے مطابق جمع کرائی جائیں۔ بولیاں اسی روز بوقت 10:30 بجے صبح الیکٹرانک طور پر کھولی جائیں گی۔ بعد ازاں بولیاں عوامی طور پر نادرا ریجنل ہیڈ آفس (کانفرنس ہال نمبر 2، گراؤنڈ فلور) زرغون روڈ، کوئٹہ میں ان نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی جو شرکت کرنا چاہیں۔ یہ اشتہار اور آر ایف پی دستاویزات پی پی آر اے کی ویب سائٹ (http://www.ppra.org.pk) اور ای پیڈز (EPADS) ویب سائٹ (https://eprocure.gov.pk) پر بھی دستیاب ہیں۔

PID(I)7051/25

ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن)
نادرا ریجنل ہیڈ آفس، زرغون روڈ، کوئٹہ
فون: 081-9211622
ای میل: abdul.salam_07@nadra.gov.pk

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر /2026 درخواست گارڈین

شائستہ زوجہ محمد عیسیٰ سکنہ حاجی آباد ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ بنام 1۔ محمد عیسیٰ ولد محمد یوسف سکنہ حاجی آباد ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ 2۔ عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 13/03/2026 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 27/02/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62826

درخواستیں مطلوب ہیں

محکمہ صحت ضلع لسبیلہ کے توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) میں خالصتاً عارضی (کنٹریکٹ) بنیادوں پر درج ذیل خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے ضلع لسبیلہ کے درج ذیل یونین کونسلز سے تعلق رکھنے والے امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں عارضی تعیناتی کی مدت ایک سال ہوگی بھرتی ہونے والے امیدوار کی کارکردگی تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں ایک ہی نوٹس سے فارغ کیا جائیگا درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 16-03-2026 ہے جو کہ دفتر ضلعی ناظم صحت لسبیلہ بمقام اوتھل میں جمع ہوں گی جبکہ انٹرویو کی تاریخ 25 مارچ 2026 ہوگی۔

نمبر شمار	نام آسامی اسکیل	نام یونین کونسل بمعہ تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت
1	ویکسینیٹر (BPS -05)	گڈانی 1 لیاری 1 شیہ 1	میٹرک سائنس، ای۔ پی۔ آئی میں تجربہ ہو

شرائط:۔ عمر کی حد 18 سے 43 سال ہوگی امیدوار اپنی درخواست کے ساتھ تعلیمی اسناد، قومی شناختی کارڈ، لوکل سرٹیفکیٹ اور ایک عدد تازہ تصویر منسلک کریں انٹرویو کے روز امیدوار اپنے اصل تعلیمی اسناد، قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، لوکل سرٹیفکیٹ کمیٹی کے سامنے پیش کرے گا متعلقہ یونین کونسل کے علاوہ دوسرے یونین کونسل سے تعلق رکھنے والے درخواست دینے کی زحمت نہ کریں انٹرویو کیلئے آنے والے امیدوار کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائیگا مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدواروں کا انتخاب حکومت بلوچستان کی جانب سے تشکیل شدہ کمیٹی کے ذریعے کیا جائیگا۔

ضلعی ناظم صحت لسبیلہ بمقام اوتھل

PRQ No3962/27-02-2026

بعدالت تحصیلدار کلکٹر درجہ اول بندوبست کوئٹہ

نوٹس اخری تصدیق

ہرگاہ کہ زیر دفعہ 118/26 لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ روزنامہ مشرق کوئٹہ 29 جنوری 2026 بذریعہ اشتہار موضع السعادات تحصیل سریاب ضلع کوئٹہ کی آخری [illegible]

62818 | 24/2/2026

نوٹس حاضری بنام کانسٹیبل وحید احمد 7926

[illegible]

ڈی ایس پی آپریشن اے ٹی ایف ہیڈکوارٹر بلوچستان کوئٹہ

PRQ No3961/27-02-2026

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم اوستہ محمد

اشتہار بنام عوام الناس

[illegible]

بقیہ 1 — بلوچستان اسمبلی

میں شامل کرنے کا غیر منطقی فیصلہ کیا گیا ہے، پاکستان ایک کثیر القومی ملک ہے اور بلوچستان میں بلوچ پشتون صدیوں سے اپنی اپنی سرزمین پر آباد ہیں، مستونگ اور بھی قلات اسٹیٹ کے انتہائی اہم ترین علاقے تھے مگر دونوں اضلاع کو وہاں کی عوام کی مرضی یا کسی مشاورت کے بغیر کوئٹہ اور سبی ڈویژن میں شامل کیا گیا ہے، اس طرح کے اقدامات سے نہ تو بھی مسائل حل ہوئے ہیں اور نہ ہی ہوں گے، ہم بھی ایسے فیصلوں کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے یہ فیصلے فوری طور پر واپس لیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان فیصلوں کے خلاف ایوان سے واک آؤٹ بھی کریں گے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نواب محمد اسلم خان رئیسانی کے موقف کی حمایت کی۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ مستونگ کو صرف ایک شہر نہ سمجھا جائے اس کی ایک اپنی تاریخ اور تاریخی اہمیت و حیثیت بھی ہے، انگریز دور میں مستونگ میں شاہی جرگہ ہوا کرتا تھا یہ بہت بڑی زیادتی ہوگی کہ مستونگ کی تاریخی حیثیت کو مسخ کیا جائے، اس فیصلے کی مذمت کرتا ہوں۔ صوبائی کابینہ کے گزشتہ اجلاس میں بعض عجیب فیصلے کیے گئے۔ ایرڈیرہ بگٹی کے نام سے ایک سب تحصیل کو ضلع بنایا گیا ہے اور ضلع بنانے کیلئے جو موقف اختیار کیا گیا تو فاصلوں کو بتایا گیا جبکہ حقائق اس کے برعکس ہیں، اس موقع پر انہوں نے مختلف شہروں کے درمیان فاصلوں کے حوالوں سے تفصیلات بھی بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے حلقے کا 30 کلومیٹر علاقہ جس میں چار موضع شامل ہیں ایرڈیرہ بگٹی میں ڈال دیے گئے ہیں بلوچستان میں ہر علاقے کی بلحاظ افرادی اہمیت اور ہر قوم کی اپنی حیثیت ہے کابینہ کے اجلاس میں کسی ضلع کی حیثیت ختم یا تبدیل کرنا درست اقدام نہیں۔ ہمارے ڈویژن کا نام کوہ سلیمان رکھا جا رہا ہے، جس کا ہمارے علاقے سے کوئی تعلق نہیں، ایسے فیصلوں سے گریز کیا جائے۔ اس موقع پر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچ دشمن فیصلوں کی مذمت کرتے ہیں چاہے وہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ ہو یا انسداد دہشتگردی سمیت دیگر قوانین ہوں ان کو تسلیم نہیں کرتے بعد ازاں نواب محمد اسلم خان رئیسانی ایوان سے احتجاجاً واک آؤٹ کر کے چلے گئے۔ اپوزیشن ارکان نے بھی واک آؤٹ میں ان کا ساتھ دیا۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے تمام فیصلے صوبائی کابینہ کرتی ہے جن کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور انتظامی امور کو بہتر بنانا ہے نئے اضلاع اور ڈویژنز بنانے کے حوالے سے تمام فیصلے صوبائی کابینہ میں انتظامی بنیادوں پر کیے گئے، بلوچستان اور چاپاکستان ہے اضلاع بہت بڑے بڑے، رقبے پر مشتمل ہیں نئے اضلاع کے قیام میں کسی علاقے کا شخص متاثر نہیں کیا گیا دنیا بھر میں چھوٹے چھوٹے اضلاع انتظامی بنیادوں پر بنائے جاتے ہیں صوبائی حکومت نے عوام کی بھلائی کیلئے یہ قدم اٹھایا ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ ایوان میں تمام ارکان کو اپنا موقف رکھنے اور بات کرنے کا حق ہے ان کی بات سنی جائے۔ انہوں نے اسپیکر سے کہا کہ واک آؤٹ کرنے والے اراکین کو منانے کیلئے ایوان کی کمیٹی بھیجی جائے جس پر اسپیکر نے انجینئر زمرک خان اچکزئی، علی مدد جتک، سردار کو ہیار ڈومکی اور اشوک کمار کو ناراض اپوزیشن ارکان کو منانے کیلئے بھیجا بعد ازاں اپوزیشن ارکان واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں واپس آگئے۔ اسپیکر نے ان کا ایوان میں واپسی پر خیر مقدم کیا۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ افغان حکومت کی طرف سے ہونے والی جارحیت کا پاکستان نے بھرپور جواب دے کر ان کے دانت کھٹے کر دیے ہیں، دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا ہے جن ہمسایہ ممالک کے تعلقات ہمارے ساتھ ٹھیک نہیں وہ سمجھ لیں پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اس کے پاس ایک طاقتور فوج موجود ہے، اگر وہ ہمارے خلاف دہشت گردوں کو پناہ دیگے تو پاکستان کی فوج یہ طاقت رکھتی ہے کہ وہ سرحدوں کے اندر اور باہر ان کا قلع قمع کرے۔ صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ محکمہ تواپی اور تعمیرات ومواصلات کی اسکیمیں دوسرے محکموں کو منتقل کی جا رہی ہیں ایک شخص کو پراجیکٹ ڈائریکٹر بنا کر سارے منصوبے اسے دیے جا رہے ہیں میری تجویز ہے کہ اس پی ڈی کو ایک نیلی کا پٹر لے دیں تاکہ وہ تمام صوبے کا دورہ کر سکیں، سڑکیں بنانا محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کا کام ہے یہاں کوئی اور محکمہ سڑکیں بنا رہا ہے اگر یہی صورتحال ہے تو میری تجویز ہے کہ سی اینڈ ڈبلیو کا محکمہ ختم کیا جائے۔

بقیہ 2 — پاکستان کا اعلان

میں اہم پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ 21 اور 22 فروری کی شب پاک فوج نے افغانستان میں قائم فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، افغان رجیم نے اسے بنیاد بنا کر خیبرپختونخوا میں پاک افغان سرحد کے 15 سیکٹر میں 53 مقامات پر فائرنگ کی، یہ جارحیت افغان رجیم کی جانب سے دہشت گرد تنظیم نے مل کر کی، حملوں سے واضح ہے کہ افغان رجیم ماسٹر پراکسی ہے اس کے نیچے یہ دہشت گرد کام کر رہے ہیں جس کا بھرپور جواب دیا گیا، کابل، پکتیا، قندھار میں اہداف کو کامیابی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 53 مقامات پر حملوں کا 53 مقامات سے بھرپور جواب دیا گیا، پاک فضائیہ نے 22 مقامات پر فضائی حملے کیے، جوابی حملوں کے نتیجے میں اب تک 274 طالبان رجیم کے اہلکار اور خوارج مارے جا چکے ہیں، 400 زخمی ہیں، 115 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور اے پی سیز تباہ ہو چکی ہیں، 18 افغان چوکیاں پاکستان کے قبضے میں ہیں اور 73 پوسٹیں تباہ کر چکے ہیں، ان جگہوں پر دہشت گرد لاشیں چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ اس موقع پر ڈی جی آئی ایس پی آر نے حملوں کی مختلف ویڈیو بھی دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان رجیم ماسٹر پراکسی ہے اس کے شیلٹر تلے دہشت گرد پاکستان کے خلاف کام کر رہے ہیں، افغان رجیم تمام دہشت گردوں کی پشت پر ہے، دنیا نے دیکھا کہ کس طرح انہوں نے دہشت گردوں کی پشت پناہی کی اور پاکستان پر حملہ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ آپریشن کے دوران ہمارے 12 جوان شہید اور 27 زخمی ہوئے ایک لاپتہ ہے، قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے، معرکہ بنیان المرصوص میں بھارت کی طرح آپریشن غضب للحق میں فوج نے کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان افغان رجیم پر کئی بار یہ واضح کر چکا ہے کہ دہشت گرد یا پاکستان، کسی ایک کا انتخاب کریں، افغان رجیم نے ہی دوحا میں مذاکرات کیے، کچھ وعدے کیے کہ یہاں نمائندگی پر مبنی حکومت بنے گی، خواتین کا احترام کیا جائے گا اسی طرح انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ افغان زمین دہشت گردوں کے خلاف استعمال نہیں ہوگی مگر اس پر عمل نہیں کیا گیا اور دہشت گردوں کی پشت پناہی جاری رہی۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے ہر واقعہ میں بھارت ملوث ہے، دوران پریس کانفرنس دشمن کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کی ویڈیوز دکھائی گئیں، افواج پاکستان نے پیشہ ورانہ انداز میں صرف عسکری اہداف کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا موثر جواب مسلح افواج کے مکمل چوکس ہونے کا مظہر ہے، قوم کو اپنے نڈر اور جانباز جوانوں پر فخر ہے، تمام سیاسی جماعتیں بھی دہشت گردی سے متعلق کلیئر ہیں، نیشنل ایکشن پلان کو تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر بنایا تھا، دہشت گردی کے خلاف جنگ سے متعلق پاکستان میں رتی بھر اختلاف نہیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ خیبرپختونخوا پولیس کے جوان بہادری سے فرنٹ پر لڑ رہے ہیں، قوم خیبرپختونخوا کے پولیس اہلکاروں کو سیلوٹ کرتی ہے۔

بقیہ 3 — وزارت اطلاعات

29 مقامات پر فضائی کارروائی کر کے اہداف کو کامیابی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا

کہ اب تک پاکستانی سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں افغان طالبان رجیم کے 400 کارندے ہلاک جبکہ 600 سے زائد کارندے زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ افغان طالبان کی 89 چیک پوسٹیں تباہ جبکہ 18 چیک پوسٹوں پر پاک فوج نے مکمل کنٹرول حاصل کیا ہوا ہے اور 135 ٹینک اور مسلح گاڑیاں تباہ کر دی گئیں ہیں۔ قبل ازیں افغان طالبان کی جانب سے گزشتہ شب شروع کی گئی جارحیت پر افواج پاکستان کیطرف سے بھرپور جواب دینے کا سلسلہ جاری ہے، آپریشن غضب للحق کے تحت پاک فضائیہ نے افغان صوبے لغمان میں کارروائیاں کر کے ہیڈکوارٹرز کو تباہ کیا جبکہ سرحدی علاقوں میں فورسز نے افغان چیک پوسٹوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پاکستان کی جانب سے افغانستان کو جواب دینے کا سلسلہ جاری ہے جس میں پاک فضائیہ نے لغمان، ننگرہار میں تازہ کارروائیاں کیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افواج پاکستان کی جانب سے افغان طالبان کی بلااشتعال جارحیت کا بھرپور اور موثر انداز میں منہ توڑ جواب کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاک فضائیہ کی جوابی کارروائی میں صوبہ لغمان میں اسلحہ ڈپو، اے ٹی ایف بٹالین ہیڈکوارٹر اور ننگرہار بریگیڈ مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان رجیم کی بلااشتعال جارحیت کیخلاف پاکستان کی جوابی کارروائیاں جاری ہیں۔ تازہ کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے مہمند سیکٹر کے قریب افغان چیک پوسٹ مکمل طور پر تباہ کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک-افغان سرحد پر افغان طالبان کی بلااشتعال جارحیت کے خلاف پاک فوج کی بھرپور جوابی کارروائی میں پاک فوج افغانستان میں ایمونیشن ڈپو اور پٹرولیم (پی او ایل) کے بڑے ذخائر تباہ کر دیے۔ اس سے قبل سیکیورٹی فورسز نے سرحد اور افغانستان کے اندر داخل ہو کر بھرپور کارروائیاں کیں جبکہ پاک فضائیہ نے قندھار، کابل، ننگرہار میں فضائیہ کارروائیاں کر کے افغان طالبان کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا تھا۔ گزشتہ روز ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان ایئرفورس فضائی حملوں میں کابل میں دو بریگیڈ ہیڈ کوارٹر تباہ کیے گئے، جبکہ کارروائیوں کے دوران دشمن کو بھاری نقصان پہنچا ہے

بقیہ 4 — طورخم بند

ضلعی انتظامیہ کے مطابق پاک افغان سرحدی مقامات پر کشیدگی کے باعث طورخم سرحد کے ذریعے افغان پناہ گزینوں کی وطن واپسی کا عمل عارضی طور پر معطل کر دیا گیا ہے، ضلعی انتظامیہ ذرائع کے مطابق سرحدی صورتحال کشیدہ ہونے کے بعد نقل و حرکت روک دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق افغان فورسز کی فائرنگ کے باعث طورخم سرحدی گزرگاہ ٹرمینل میں کھڑی افغان پناہ گزینوں کی درجنوں گاڑیوں کو گزشتہ رات حفاظتی اقدام کے طور پر لنڈی کوتل منتقل کر دیا گیا تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔

بقیہ 5 — ویڈیو وائرل

قبضہ کر کے قومی پرچم لہرا دیا، جس کی ویڈیو بھی سامنے آگئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے افغان طالبان کی بلااشتعال جارحیت کا جواب دیتے ہوئے پکتیا کے علاقے میں 5 افغان پوسٹوں پر قبضہ کر کے پاکستان کا جھنڈا لہرایا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ قبضے میں آنے والی پوسٹوں میں 2 شوال کے مقابل، 2 انگور اڈا کے مقابل اور 1 زرملان کے مقابل ہے۔ پاک فوج نے موثر کارروائی کے دوران انگور اڈا کا افغانی ٹرمینل بھی تباہ کر دیا۔ پاکستانی سیکیورٹی فورسز کے بھرپور جواب میں افغان طالبان فورسز کو بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ 6 — ایئر چیف

پورا اترے گی۔ آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کی 7 ویں سالگرہ پر پاک فضائیہ ہیڈکوارٹرز میں تقریب ہوئی جس سے سربراہ پاک فضائیہ ظہیر احمد بابر سدھو نے خطاب کیا، ایئر چیف نے معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ کے جامع اور متوازن ردعمل کو بھی اجاگر کیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے جو عزت کے ساتھ امن کا خواہاں ہے، پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے جو عزت کے ساتھ امن کا خواہاں ہے، سات سال قبل دشمن نے پاکستان کی خودمختاری کو چیلنج کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دشمن نے ہمیشہ کی طرح جھوٹے بیانیے پر مبنی اپنے اندازے میں ہماری صلاحیت اور عزم کا غلط اندازہ لگایا۔

بقیہ 7 — خواجہ آصف

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہادر افواج ہندوستان کی پراکسی طالبان و افغان جارحیت کا منہ توڑ جواب دے رہی ہیں، شکست دشمن کا مقدر ہے! انشاء اللہ۔ وزیر دفاع کہنا تھا کہ نیٹو افواج کے انخلا کے بعد طالبان نے افغانستان کو ہندوستان کی کالونی بنا دیا، ساری دنیا کے دہشتگردوں کو اکٹھا کر کے دہشتگردی کو ایکسپورٹ کرنا شروع کر دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے حالات نارمل رکھنے کی پوری کوششیں کیں لیکن طالبان ہندوستان کی پراکسی بن گئے

بقیہ 8 — ڈرون حملے

ان علاقوں میں چھوٹے ڈرونز کے ذریعے حملوں کی کوشش کی، تاہم پاکستان کے جدید اینٹی ڈرون ڈیفنس سسٹم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے تمام ڈرونز کو فضا میں ہی تباہ کر کے گرا دیا۔ ان واقعات میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق ان ناکام حملوں نے ایک بار پھر افغان طالبان کی موجودہ حکومت اور پاکستان میں سرگرم دہشت گردوں کے درمیان گٹھ جوڑ کو عالمی سطح پر بے نقاب کر دیا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ سرحد پار سے ہونے والی ان بزدلانہ کارروائیوں کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے ایکس پر پوسٹ کیا کہ فتنہ الخوارج دہشت گردوں نے ایبٹ آباد، صوابی اور نوشہرہ میں چھوٹے ڈرونز لانچ کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے بتایا کہ اینٹی ڈرون سسٹم نے تمام ڈرونز کو مار گرایا۔ کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ انہوں نے مزید لکھا کہ یہ واقعات ایک بار پھر افغان طالبان حکومت اور پاکستان میں دہشت گردی کے براہ راست تعلق کو بے نقاب کرتے ہیں۔ ان ڈرون حملوں میں سے ایک کا نشانہ بننے والے خیبر پختونخوا کے علاقے صوابی میں ایسی اطلاعات ہیں کہ ایک چھوٹا ڈرون گرا ہے۔

بقیہ 9 — ذبیح اللہ مجاہد

چاہتے ہیں کہ یہ مسئلہ مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے

بقیہ 10 — بلاول بھٹو

نے کہا کہ بھارت کی پراکسی بن کر افغانستان کی حکومت پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنا بند کرے، کابل رجیم کی غلط حکمت عملی نے پاکستان کو جوابی کارروائی پر مجبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تصادم کا خواہاں نہیں لیکن اگر للکارا گیا تو ہم دشمن کو منہ توڑ جواب دینا جانتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ مشرقی سے مغربی سرحدوں تک پاک فوج ملک کے ہر انچ کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 11 — اعتراضات عائد

آفس کے اعتراض میں کہا گیا ہے کہ 12 فروری کے حکمنامے میں سپریم کورٹ نے واضح کیا تھا درخواست گزار داد رسی کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع کرے۔ پہلا اعتراض یہ کیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ فوجداری مرکزی کیس زیر التوا ہے جبکہ دوسرے اعتراض میں کہا گیا ہے کہ متفرق درخواست ایڈووکیٹ آن ریکارڈ کے ذریعے دائر ہی نہیں کی گئی۔ رجسٹرار آفس نے کہا کہ سپریم کورٹ رولز 2025 کے تحت ایڈووکیٹ آن ریکارڈ کے

بقیہ 12 — نوٹیفکیشن معطل

بقیہ 13 — بھین الیکشن

بقیہ 14 — ایمرجنسی نافذ

بقیہ 15 — پکڑ لیا

بقیہ 16 — بیرسٹر گوہر

بقیہ 17 — اجازت

بقیہ 18 — شاہد رند

بقیہ 19 — چیف جسٹس

بقیہ 20 — قرارداد

بقیہ 21 — سپریم کورٹ

بقیہ 22 — وزیراعلیٰ

بقیہ 23 — رپورٹ طلب

بقیہ 24 — چیف جسٹس بلوچستان

بقیہ 25 — دفتر خارجہ

بقیہ 26 — بیلاروس معاہدات

بقیہ 27 — وزیراعظم

بقیہ 28 — پابندی عائد

بقیہ 29 — عطا تارڑ

بقیہ 30 — اپوزیشن لیڈر

بقیہ 31 — فلسطینی شہید

بقیہ 32 — رانا ثنا

بقیہ 33 — شکست دینگی

بقیہ 34 — افغان جارحیت

بقیہ 35 — فریال گوہر

بقیہ 36 — سیاسی قیادت

بقیہ 37 — عبدالرحمان کھیتران

بقیہ 38 — ربابہ خان بلیدی

بقیہ 39 — ہدایت الرحمان بلوچ

بقیہ 40 — فضل الرحمان

بقیہ 41 — علی مدد جتک

بقیہ 42 — عبدالرحمان رفیق

بقیہ 43 — میر لیاقت لہڑی

بقیہ 44 — اصولی فیصلہ

بقیہ 45 — ثمینہ ممتاز زہری

بقیہ 46 — ظہور بلیدی

بقیہ 47 — محمود اچکزئی

بقیہ 48 — عبدالقدوس بزنجو

بقیہ 49 — اصغر خان اچکزئی

بقیہ 50 — لشکری خان رئیسانی

بقیہ 51 — گاڑ اے ٹی ایم ایل

بقیہ 52 — جعفر خان مندوخیل

بقیہ 53 — محمد عبدالقادر

بقیہ 54 — 13 اشیاء مہنگی

بقیہ 55 — میر اللہ باری

بقیہ 56 — بیرسٹر ایم احمد

بقیہ 57 — آغا شاہ زیب درانی

بقیہ 58 — سہیل آفریدی

بقیہ 59 — کچی کوڑی

بقیہ 60 — عبدالغفور حیدری

بقیہ 61 — ارکان اسمبلی

بقیہ 62 — واٹر کرائسز

بقیہ 63 — مولانا عبدالواسع

بھارت ہو یا طالبان رجیم، اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا، سیاسی قیادت

افغان طالبان نے حملہ کر کے بھیانک غلطی کی، سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے، ہم اپنی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دیں گے، وزیر داخلہ محسن نقوی

کسی کو پاکستان کا امن چھیننے کی اجازت نہیں دیں گے، کسی ریاست نے کمزوری سمجھا تو خوش فہمی کا شکار ہے، وزیر مملکت طلال چوہدری

[illegible] بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مائنز اینڈ منرلز ایکٹ بلوچستان ہائیکورٹ میں متعدد درخواستوں پر سماعت

وزیراعلیٰ نے اعلان کیا تھا کہ ایکٹ پر عملدرآمد موخر کر دیا، بل مزید غور کیلئے اسمبلی میں پیش کیا جائے گا، درخواست گزار

چیف جسٹس بلوچستان کی حکومت کو ضابطہ کا جامع نامہ جمع کرانے کی ہدایت، سماعت ایک ہفتے کیلئے ملتوی کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل ... آئینی درخواست نمبر 1039/1018/1055، 1052/1057/1088/1099/1134، 1161/1188 اور 1193 ... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان پاکستان کا وقار اور عزت ہے، ثمینہ ممتاز زہری

بلوچستان اسمبلی نے دوسرا پارلیمانی سال مکمل کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے دوسرا پارلیمانی سال مکمل کر لیا ... رپورٹ ایوان میں پیش کی گئی۔

کوئٹہ: پشتونخوا نیپ کے چیئرمین خوشحال خان، نصراللہ زیرے و دیگر کا وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

افغان طالبان کی جانب سے فائرنگ قابل مذمت عمل ہے' آغا شاہ زیب درانی

اس طرح کے اقدامات خطے کے امن کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں' سینیٹر

افواج پاکستان اور پوری قوم سبز ہلالی پرچم کی سربلندی کیلئے قربانی دینے کیلئے تیار ہیں' سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے پاک افغان سرحدی علاقوں میں مبینہ بلا اشتعال فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات خطے کے امن و استحکام کے لئے کھلا چیلنج ہیں۔ جمعہ کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی جانب سے سرحدی علاقوں میں فائرنگ افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف دو برادر ہمسایہ ممالک کے تعلقات کو متاثر کرتے بلکہ پورے خطے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

اسمبلی کے اجلاس کے دوران بجلی چلی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران بجلی چلی گئی، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جاری تھا کہ اچانک بجلی چلی گئی اس دوران کچھ دیر کے لئے اجلاس کی کارروائی متاثر ہوئی تاہم بعدازاں متبادل ذرائع سے بجلی بحال کر دی گئی۔

حکومت نے سب تحصیل ہوشاب کو سب ڈویژن کا درجہ دے دیا' ظہور بلیدی

تمپ کو ضلع و ہوشاب کو سب ڈویژن کا درجہ ملنے سے عوام کا مطالبہ حل ہو گیا' صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں نئے انتظامی تبدیلی تقسیم کیلئے نہیں بلکہ عوامی خدمات کی فراہمی کیلئے ہے تمپ کو ضلع اور سب تحصیل ہوشاب کو باقاعدہ طور پر سب ڈویژن کا درجہ ملنے سے عوام کا دیرینہ مطالبہ حل ہو گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی نے ہوشاب کے عوام کا دیرینہ مطالبہ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

... تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی 2 مقدمات میں ضمانتیں منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی 2 مقدمات میں ضمانتیں منظور کر لیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے مقدمات کی سماعت کی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی اسلام آباد ہائی کورٹ اور پریس کلب کے باہر احتجاج کے کیسز میں ضمانتیں منظور ہوئی ہیں۔ عدالت نے 5،5 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض ضمانتیں منظور کی۔

حلقہ انتخاب کی تعمیر و ترقی میں بھرپور حصہ لے رہے ہیں' سردار کھیتران

تحفظات حق پر مبنی' کوہ سلیمان کے نام سے ڈویژن کو مسترد کرتے ہیں

دہشت گردوں کے خلاف آخری حد تک جائیں گے' صوبائی وزیر پی ایچ ای

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے علاقے کی تعمیر و ترقی اور ان کی خوشحالی میں بھرپور حصہ لے رہا ہوں نئے ڈویژن کے حوالے سے میرے تحفظات حق پر مبنی ہے کوہ سلیمان کے نام سے ڈویژن کو مسترد کرتے ہیں اور نوٹیفکیشن جاری ہوتے ہی عدالت میں چیلنج کریں گے کیونکہ اس متنازعہ احکامات سے علاقوں میں بدنیتی اور عوام کے درمیان نفرتیں پیدا ہونے کا خدشہ ہے .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان سمیت تمام ہمسایوں سے مسائل ختم کئے جائیں' محمود خان اچکزئی

امریکی فوجوں کی ہمارے خطے میں موجودگی ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ اس خطے کو بچانے کے لیے ہم مل بیٹھ کر کوئی فیصلہ کریں

ہندوستان کی اسرائیل کے ساتھ کل جو حلف برداریاں ہوئی ہیں یہ ساری باتیں ہمیں نظر میں رکھنی چاہئیں، قائد حزب اختلاف

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہمسایوں سے لڑائیاں خطرناک ہوتی ہیں۔ ہمیں دیو اور جینے دو کی بنیاد پر کوشش کرنی چاہیے کہ ہمارے اور ہمسایوں کے تعلقات زیادہ خراب نہ ہوں، امریکن فوجوں کی ایران کے ارد گرد موجودگی اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ ہم ٹھنڈے دماغ سے سوچیں اگر کوئی مشکلات ہوں بشمول افغانستان تمام ہمسایوں کے کوشش کی جائے کہ وہ سب ختم کی جائیں جبکہ .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار: خاتون کے قتل میں ملوث ملزمہ گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، ایس ایچ او صدر کی کامیاب کارروائی قتل کا مرکزی ملزمہ گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کے حکم پر ایس ایچ او صدر سب انسپکٹر محمد یوسف جاموٹ، فضل زہری نے 2026-02-08 زرینہ کھتان ایریا میں قتل ہونے والی حاملہ خاتون مسماۃ ن کے قتل میں ملوث مرکزی ملزمہ کو دن رات سخت محنت کے بعد گرفتار کر لیا گرفتار ملزمہ کی شناخت مسماۃ ر کے نام سے ہوئی ہے، جس کے دیگر ساتھیوں نے حاملہ عورت کو زرینہ کھتان میں گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے تھے ملزمہ کو مقدمہ نمبر 14/026 بجرم دفعہ 302 تعزیرات پاکستان کے تحت حوالات میں بند کر دیا گیا

سرحدی علاقوں میں بدامنی پھیلانے کی کوشش ہرگز برداشت نہیں' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

خطے میں قیام امن کیلئے سنجیدہ اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا جائے' مشیر محکمہ ترقی نسواں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے پاک۔افغان سرحد پر حالیہ افغان جارحیت کا بروقت اور موثر جواب دینے پر افواج پاکستان کے افسران اور جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو: خسرہ کی وبا، دو بچوں کی موت، متعدد شدید بیمار

والدین کی تشویش شہریوں کا حکام سے فوری ویکسینیشن مہم کا مطالبہ

کوہلو (یو این اے) ضلع کوہلو کے علاقے بجار ڈوب، سنڈاوانی میں خسرہ کی وبا پھیل گئی ہے، جس کے نتیجے میں دو کمسن بچے خلیل اور رابعہ جاں بحق ہو گئے جبکہ متعدد بچے اس موذی مرض میں مبتلا ہیں۔ والدین کا کہنا ہے کہ بچوں کو بروقت طبی سہولتیں میسر نہ ہونے کے باعث حالت مزید خراب ہوئی۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ ویکسینیشن بروقت نہیں ہو رہی اور بنیادی طبی سہولیات کی کمی صورتحال سنگین بنا رہی ہے۔ شہریوں نے محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ پر خسرہ اور پولیو کی مؤثر روک تھام میں ناکامی کا الزام عائد کرتے ہوئے متاثرہ علاقوں میں ہنگامی طبی کیمپ، خسرہ ویکسینیشن مہم اور متاثرہ خاندانوں کے لیے مالی امداد کا مطالبہ کیا۔ شہریوں کا خدشہ ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مزید قیمتی جانیں ضائع ہو سکتی ہیں۔

پاکستان کی خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، امیر مقام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے افغانستان کی جانب سے پاک افغان سرحد پر بلا جواز جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اپنی سرزمین کے دفاع کا مکمل حق محفوظ رکھتا ہے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام نے پاک فوج کی بروقت اور موثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دشمن کو منہ توڑ جواب دینا افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے۔

پاک افغان جنگ میں فورسز نے بروقت حکمت عملی کا مظاہرہ کیا' عبدالقدوس بزنجو

فیلڈ مارشل کی بہادر، اور مدبر قیادت نے افغانستان کی جارحیت کا موثر جواب دیا

پاکستان اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا' سابق وزیراعلیٰ

کینیڈا/کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے افغان اشتعال انگیزی کے موثر اور بھرپور جواب پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ کینیڈا سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے جس جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت حکمت عملی کا مظاہرہ کیا، وہ پوری قوم کیلئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل، آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی بہادر، جری اور مدبر .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر میر یونس زہری انجینئر زمرک اچکزئی اور سلمیٰ کاکڑ سے بات چیت کر رہے ہیں

صوبائی اسمبلی اجلاس میں پاک افغان بارڈر پر شہید ہونیوالے سیکورٹی اہلکاروں کیلئے فاتحہ خوانی کی جا رہی ہے

این اے 251 پر عدالتی فیصلہ حق و سچ کی فتح ہے' اصغر خان اچکزئی

خوشحال خان کاکڑ کی کامیابی درحقیقت عوام کی واضح رائے کا اظہار ہے' صوبائی صدر اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے حلقہ این اے 251 قلعہ سیف اللہ ژوب شیرانی سے پشتون خوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کے حق میں سپریم کورٹ آف پاکستان کے حالیہ فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے حق و انصاف کی فتح قرار دیا ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ نہ صرف آئینی و قانونی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے بلکہ یہ عوامی مینڈیٹ کے احترام کی بھی توثیق کرتا ہے خوشحال خان کاکڑ کی کامیابی درحقیقت عوام کی واضح رائے کا اظہار ہے جو پہلے دن سے روز روشن کی طرح عیاں تھی تاہم فروری 2024 کے انتخابات کے دوران جہاں حقیقی......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے ایک ایک انچ کی حفاظت قومی فریضہ ہے' سہیل آفریدی

قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، اور نہ ہی کسی کو سرحدی علاقوں کی سلامتی پر سمجھوتہ کرنے دیں گے

پاک افغان سرحد پر اشتعال انگیزی اور بیرونی جارحیت کی سخت مذمت کرتے ہیں، وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پاکستان کے ایک ایک انچ کی حفاظت ہم سب کا قومی فریضہ ہے۔ اپنے بیان میں سہیل آفریدی نے کہا کہ پاک افغان سرحد پر اشتعال انگیزی اور بیرونی جارحیت کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، پاکستان کے ایک ایک انچ کی حفاظت ہم سب کا قومی فریضہ ہے، کسی کو سرحدی علاقوں کی سلامتی پر سمجھوتہ نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افغان کشیدگی کے تناظر میں متعلقہ اداروں سے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے' مولانا فضل الرحمن

پاکستان کی سیکیورٹی حوالے سے افغانستان سے شکایات جائز، سفارتی کوششیں ہی پائیدار حل فراہم کر سکتی ہیں

توقع ہے خطے میں امن کے خواہاں ممالک پرامن سفارتی کردار ادا کریں گے، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پاک افغان کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک پر فوری جنگ بندی اور تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی کے حوالے سے پاکستان کی شکایات جائز ہیں، تاہم افغانستان کی خودمختاری اور اس کے داخلی مسائل کا احترام بھی ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جذباتی رویے دونوں ممالک کے لیے پیچیدگیوں میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے تجویز دی کہ دوطرفہ مفادات، قابل......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نہیں چاہتی بلوچستان کی حقیقی نمائندگی ہو' نوابزادہ لشکری رئیسانی

سپریم کورٹ کا تحریری فیصلہ آنے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے' سینئر سیاستدان

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 265 پر دوبارہ انتخابات کرانے کے الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کیخلاف سات سال بعد اسے کی درخواست واپس لی گئی، انتخابات میں ہارے ہوئے شخص کو دیا گیا اسے سات سال تک برقرار رکھا گیا، یہ بات انہوں نے جمعہ کو سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری کے باہر سینئر قانون دان محمد ریاض احمد ایڈووکیٹ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

پی ایم ایل کا 2025ء ختم ہونے پر مالی نتائج کا اعلان

ایک نے 10 ارب ایف ٹی پی 2635 ارب روپے کا نمایاں ترین راؤنڈ حاصل کیا

کراچی (پ ر) (پی ایم ایل) نے مورخہ 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اعلان کے مطابق ایک نے 10 ارب روپے کا قبل از ٹیکس (FTP) منافع حاصل کرنے کے ساتھ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں، مجموعی طور پر 2635 ارب روپے کا نمایاں ترین راؤنڈ حاصل کیا جو ایک کے لئے ایک تیز ترقی بھاتی ہے۔ بعد از ٹیکس (PAT) منافع بھی مجموعی طور پر 8.70 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا، جبکہ گزشتہ .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اپنی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا' صوبائی وزراء

پاک فوج کے جوان دشمن کی ہر سازش ناکام بنانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں' علی مدد جتک

پاکستان کی سیکورٹی فورسز نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی قیادت میں دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دے دیا' میر سلیم کھوسہ

جنگ کا خاتمہ ہونے تک بارڈرز اضلاع کے قریب بی ایچ اوز اور سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ رہے گی' بخت کاکڑ

کوئٹہ (خ ن + ایجنسیاں) صوبائی وزیر و پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، حاجی علی مدد جتک نے افغان طالبان کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی اشتعال انگیز کارروائیاں خطے کے امن و استحکام کے لیے نقصان دہ ہیں اور پاکستان اپنی خودمختاری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا صوبائی وزیر نے اپنے بیان میں کہا کہ ہماری بہادر افواج نے غیر معمولی......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک حادثات و فائرنگ کے واقعات میں 8 ہلاک، 4 افراد زخمی

تربت کورندی سے 2 افراد کی نعشیں برآمد اوتھل آر سی ڈی شاہراہ پر مزدا ٹرک اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم میں 2 افراد جاں بحق

قلات میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل 1 زخمی چھتر بازی فلیجی میں قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق

گوٹھ عمر مینگل میں نوجوان گل بہار کی خودکشی پشین کلی عبداللہ جان میں گیس دھماکے کے نتیجے میں 3 معصوم بچے زخمی ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن + این این آئی + آئی این پی) تربت کے علاقے کیچ کورندی سے 2 افراد کی نعشیں برآمد پولیس کے مطابق گزشتہ روز کیچ کورندی سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں ملیں جنہیں فائرنگ کر کے قتل کیا گیا نعشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئیں مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء اوتھل سے آن لائن کے مطابق مین......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بی ایم یو مستقبل میں عظیم طبی درسگاہ ثابت ہوگی' جعفر خان مندوخیل

بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے وی سی کی گورنر سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے 25 فروری کو گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر صوبے کے شعبہ اعلیٰ تعلیم، خصوصاً بولان میڈیکل یونیورسٹی کی حالیہ کارکردگی اور پیش رفت پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ گورنر بلوچستان .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے دعوے کھوکھلے نکلے' مولانا عبدالرحمان رفیق

رمضان پیکج راشن فارم 47 کے ایم پی ایز منظور نظر افراد اور سیاسی ٹولوں میں بانٹ رہے ہیں' عین اللہ شمس

گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ نہ کرنے کے اعلانات بھی دھرے رہ گئے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی نائب امیر و امیر ضلع کوئٹہ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری و ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، صوبائی نائب امیر و ضلعی سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

یکطرفہ عسکری کارروائیاں مسائل کا حل نہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

دونوں برادر اسلامی ممالک سے فوری جنگ بندی اور ذمہ دارانہ رویے کی اپیل کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے پاک افغان کشیدگی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یکطرفہ عسکری کارروائیاں مسائل کا حل نہیں بلکہ نئی کشیدگی کو جنم دیتی ہیں۔ ہم دونوں برادر اسلامی ممالک سے فوری جنگ بندی اور ذمہ دارانہ رویے کی اپیل کرتے ہیں۔ خطے میں امن کے خواہاں ممالک کو چاہیے کہ پرامن سفارتی کردار ادا کریں۔ عالمی طاقتیں خصوصاً امریکہ خطے میں اپنے مفادات کے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے ملک میں ڈرون اڑانے پر پابندی لگا دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت پاکستان نے ملک بھر میں ڈرون اڑانے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ وزارت داخلہ کے مطابق یہ پابندی سکیورٹی وجوہات کی بنیاد پر لگائی گئی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے سے نمٹا جا سکے اور عوامی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

پاک۔افغان کشیدگی خطے کی سلامتی کیلئے اہم مسئلہ بن چکی ہے، محمد عبدالقادر

افواج پاکستان نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا، چیئرمین قائمہ کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی ایک بار پھر خطے کی سلامتی کے لیے اہم مسئلہ بن چکی ہے حالیہ مہینوں میں سرحدی علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات اور جوابی کارروائیوں نے دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے افغانستان کی سرزمین .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اے سی صدر حمزہ انجم مستحقین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

دانش اسکول، کری اسلام آباد میں جماعت ششم، ہفتم اور ہشتم کے داخلوں کیلئے درخواستیں طلب

اسلام آباد (شاکر نیوز) وزیراعظم شہباز شریف کے معیاری اور یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے وژن کے مطابق، دانش اسکول، کری اسلام آباد میں جماعت ششم، ہفتم اور ہشتم کے داخلوں کے لئے قومی سطح پر درخواستیں طلب کی گئیں۔ اور پاکستان کے چاروں صوبوں اور دور دراز علاقوں سے ہزاروں طلبہ و طالبات نے داخلے کے لئے درخواستیں جمع کروائیں۔

وڈھ' پتھر سے لوڈ 2 گاڑیوں پر مسلح افراد کی فائرنگ' ٹائر برسٹ کر دیئے

واقعہ شہداء چیک پوسٹ کے قریب پیش آیا مسلح افراد نے ایک ٹرک کو آگ لگا دی

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ میں پتھر سے لوڈ دو دس ویلر گاڑیوں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ گاڑیوں کے ٹائر برسٹ کر دیئے گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تحصیل وڈھ میں نامعلوم افراد نے پتھر سے لوڈ دو ٹرک دس ویلر پر فائرنگ کر دی یہ واقعہ شہداء چیک پوسٹ وڈھ کے قریب پیش آیا فائرنگ سے گاڑیوں کے ٹائر برسٹ کر دیئے جبکہ ایک ٹرک کو آگ لگا دی گئی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کر دی ہے۔

گیس کمپنی کی حکمت عملی بلوچستان کے مفاد میں نہیں، ارکان اسمبلی

کمپنی پالیسیوں پر نظرثانی کرے، عبدالخالق اچکزئی، سلیم کھوسہ، علی مدد و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اراکین اسمبلی کی جانب سے صوبے کے مختلف اضلاع میں گیس کے کم پریشر اور لوڈشیڈنگ کے مسائل پر اظہار تشویش کے بعد، ایوان کی سابقہ رولنگ کی روشنی میں جنرل منیجر گیس کوئٹہ کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے کی۔ اجلاس میں میر سلیم خان کھوسہ، ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، عبدالمجید بادینی، میر صادق عمرانی، میر علی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں 13 اشیائے ضروریہ مہنگی، 14 کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

لہسن، مٹن، بیف، دال مسور، ماش، دہی اور خشک دودھ مہنگا ہوا، ایل پی جی اور کپڑوں کے دام بھی بڑھے

ٹماٹر، آلو، چکن، پیاز، انڈے، آٹا، بریڈ اور چینی سمیت 14 چیزیں سستی ہوئیں، ادارہ شماریات کی رپورٹ

اسلام آباد (شاکر رحمان) گزشتہ ہفتے 13 اشیائے ضروریہ مہنگی جبکہ 14 چیزوں کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے لہسن، مٹن، بیف، دال مسور، ماش، دہی اور خشک دودھ مہنگا ہوا، ایل پی جی اور کپڑوں کے دام بھی بڑھے۔ ٹماٹر، آلو، چکن، پیاز، انڈے، آٹا، بریڈ اور چینی سمیت 14 چیزیں سستی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیاد پر گندم کا آٹا 29.81 فیصد، ٹماٹر 17 فیصد، سرخ مرچ 15 فیصد اور کیلے 12 فیصد مہنگے ہوئے۔ مٹن کی قیمت 9 فیصد، گڑ کی 8.36 اور لکڑی کی 11.40 گزشتہ ہفتے لہسن، مٹن، بیف، .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر میں ایک شخص پر تشدد کرنے والے 5 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) سریاب پولیس نے نجی ڈرگ ٹریٹمنٹ آکاش سینٹر میں ایک شخص پر تشدد کرنے والے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ جبکہ سینٹر کا مالک تا حال فرار ہے ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ آصف خان نے سوشل میڈیا پر آکاش ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹر میں ایک شخص پر تشدد کی ویڈیو وائرل ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے سریاب پولیس کو فوری کارروائی کی ہدایت کی جس پر سریاب پولیس نے مذکورہ سینٹر پر کارروائی کرتے ہوئے تشدد کرنے والے 5 ملزمان محمد یونس، عبدالعلیم، یاسر، نصیر اور اسرار کو گرفتار کر لیا۔

عوام سے کئے وعدے پورے کریں گے' میر لیاقت لہڑی

عوام کی خدمت اولین ترجیح اس میں غفلت کی کوئی گنجائش نہیں' پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عوام کی خدمت میری اولین ترجیح ہے جس میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے انتخابات کے دوران عوام سے کئے گئے وعدے بتدریج پورے کریں گے۔ یہ بات .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: نیب نے 350 ایکڑ سرکاری اراضی واگزار کرا لی

کلفٹن بلاک 1 اور 2 میں واقع زمین کی مبینہ قیمت 423 ارب روپے ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نیب کراچی کی بڑی کارروائی: 423.5 ارب روپے مالیت کی 350 ایکڑ قیمتی زمین واگزار کرا لی سرکاری زمین کی غیر قانونی تخصیص (الاٹمنٹ) اور انتظامی بدعنوانی کے خلاف ایک بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے، قومی احتساب بیورو (نیب) نے کراچی میں 350 ایکڑ قیمتی سرکاری زمین بخوبی واگزار کرا لی ہے۔ کلفٹن بلاک 1 اور بلاک 2 جیسے اہم علاقوں میں واقع اس زمین کی مروجہ قیمت تقریباً 423.5 ارب .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے فرح عظیم شاہ ملاقات کر رہی ہیں

نیب نے جو ریکوری کی وہ اربوں نہیں کھربوں میں ہے: اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ نیب نے جو ریکوری کی وہ اربوں نہیں کھربوں میں ہے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ واگزار کی گئی اراضی مختلف لوگوں کے پاس تھی، نیب آزاد ادارہ ہے، اس میں بہتری حکومت نہیں لاتی اس کا اپنا میکنزم ہے۔

سوئی سدرن گیس کمپنی کے منافع میں 82 فیصد کی ریکارڈ

کراچی (بیورو رپورٹ) سوئی سدرن گیس کمپنی کا منافع شدید متاثر، نصف سال میں منافع 82 فیصد کم ہو کر 1.30 ارب روپے رہ گیا، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں منافع 7.06 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق کمپنی کی جانب سے فی حصص آمدن 8 روپے سے گھٹ کر صرف 1 روپیہ رہ گئی ہے اور گیس فروخت سے مجموعی آمدن میں 18 فیصد سے ریونیو 202.58 ارب روپے، جبکہ خالص آمدن 14 فیصد کم ہو کر 194.99 ارب روپے رہ گئی ہے۔

کوئٹہ: صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے روزی خان کاکڑ اور اختر بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں جاری' 55 گرانفروش گرفتار 45 جیل منتقل

مجموعی طور پر 210 دکانوں اور مارکیٹس کا معائنہ پرائس کنٹرول کی خلاف ورزیوں پر 22 سیل

اشیاء خورد و نوش کی زائد قیمت وصول اور گرانفروشی سے گریز کیا جائے' افسران کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی نگرانی میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی پرائس کنٹرول کی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز مختلف ٹیموں نے شہر کی 210 دکانوں اور مارکیٹس کا معائنہ' جس پر خلاف ورزی کی صورت میں 55 افراد گرفتار، 45 افراد جیل منتقل اور 22 دکانیں سیل کر دیئے تفصیلات کے مطابق ماہ رمضان میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر میں گرانفروشوں، .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان پاکستان کے سیکورٹی مطالبات پر عملدرآمد یقینی بنائے' مولانا عبدالواسع

پاکستان نے ہر کڑے مرحلے پر افغانستان کا ساتھ دیا، اپنی معیشت، امن داؤ پر لگا کر برادرانہ ذمہ داری نبھائی' امیر جمعیت

بعض قوتیں خطے میں امن کے قیام سے خائف' دانستہ اشتعال، دراندازی اور عدم استحکام کو ہوا دے رہی ہیں

اگرچہ پاکستان کی سیکورٹی شکایات اور تحفظات بجا' تاہم جذباتی اور غیر محتاط طرز عمل دونوں ممالک کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ایوان بالا میں پاک۔افغان کشیدگی پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی قومی سلامتی کے حوالے سے پائے جانے والے خدشات قطعی طور پر بے بنیاد نہیں بلکہ زمینی حقائق پر مبنی ہیں' افغانستان پر لازم ہے کہ وہ پاکستان کے جائز اور مجوزہ سیکیورٹی مطالبات پر سنجیدگی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے، تاکہ سرحدی استحکام اور باہمی......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: رمضان سستا بازار سے شہری خریداری میں مصروف ہیں

فیصلہ منصفانہ، خوشحال کاکڑ کی جیت حق کی فتح ہے' پشتونخوا نیپ

مقدمے کی پیروی کے دوران پارٹی رہنماؤں، قانونی ماہرین اور کارکنوں نے عوامی مینڈیٹ کے تحفظ کیلئے بھرپور جدوجہد کی

عدالت کا فیصلہ اس امر کا واضح ثبوت کہ جمہوری نظام میں آئینی و قانونی جدوجہد ہی مسائل کا حل ہے' مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 251 سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ کی کامیابی کے حوالے سے سپریم کورٹ آف پاکستان کے تاریخی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے آئین و قانون کی بالادستی اور جمہوری اقدار کی فتح قرار دیا گیا ہے پارٹی نے عدالت عظمیٰ کے اس منصفانہ اور اصولی فیصلے کو حق و انصاف کی بالادستی کا مظہر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی عوام کے اعتماد، کارکنوں کی انتھک محنت اور قیادت کی مستقل مزاج جدوجہد .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر